بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝17 ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟ـ“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

﴿ وَ اِذَا سَمِعُوْا 07 ﴾

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بَیْتُ الْقُرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿وَ اِذَا سَمِعُوْا﴾ پارہ نمبر 07
مرتب	پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
نظر ثانی	عبد اللطیف حلیم
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
ایڈیشن دوم	جولائی 2010
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیْتُ الْقُرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

پبلشر نوٹ

1. ہر خاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ الْقُرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ الْقُرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بَیْتُ الْقُرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیْتُ الْقُرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جاسکتی ہے۔

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ	اور جب وہ سنتے ہیں اسے جو نازل کیا گیا
اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ	رسول کی طرف آپ دیکھتے ہیں ان کی آنکھوں کو
تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ	(کہ) بہتی ہیں آنسوؤں سے
مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ	(اس وجہ) سے جو انہوں نے پہچانا حق کو
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا	وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہیں
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿83﴾	پس تو لکھ لے ہمیں گواہی دینے والوں کے ساتھ ﴿83﴾
وَ مَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ	اور کیا ہے ہم کو (کہ) ہم ایمان نہ لائیں اللہ پر
وَ مَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ	اور (اس پر) جو آیا ہے ہمارے پاس حق سے
وَ نَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا	اور ہم امید رکھتے ہیں کہ داخل کرے گا ہمیں
رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿84﴾	ہمارا رب نیک لوگوں کے ساتھ (جنت میں) ﴿84﴾
فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا	تو ثواب دیا انکو اللہ نے اسکے بدلے جو انہوں نے کہا
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	باغات کا (کہ) چلتی ہیں ان کے نیچے سے نہریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سَمِعُوْا : سمع و بصر، قوت سماعت، آلۂ سماعت۔
اُنْزِلَ : نازل، شانِ نزول، منزّل من اللہ۔
اِلَى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
تَرٰٓى : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال کمیٹی۔
اَعْيُنَهُمْ : عینی شاہد، عین مطابق۔
تَفِيْضُ : فیض عام، فیضیاب، فیوض و برکات۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، من جملہ/ماحول، ماتحت۔

عَرَفُوْا : عرفِ عام، معروف، معرفت۔
يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَاكْتُبْنَا : کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
نَطْمَعُ : لالچ و طمع، مطمع نظر۔
يُدْخِلَنَا : داخل، دخول، داخلہ، داخلی امور۔
فَاَثَابَهُمْ : اجر و ثواب، ایصال ثواب۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الشعور۔

وَ اِذَا	سَمِعُوْا	مَآ	اُنْزِلَ ❶	اِلَى الرَّسُوْلِ
اور جب	وہ سب سنتے ہیں	(اسے) جو	نازل کیا گیا	رسول کی طرف

تَرٰۤى	اَعْيُنَهُمْ	تَفِيْضُ ❷	مِنَ الدَّمْعِ	مِمَّا ❸	عَرَفُوْا
آپ دیکھتے ہیں	انکی آنکھوں کو	بہتی ہیں	آنسوؤں سے	(اس وجہ) سے جو	ان سب نے پہچانا

مِنَ الْحَقِّ ❹ ج	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ ❺	اٰمَنَّا	فَاكْتُبْنَا ❻
حق کو	وہ سب کہتے ہیں	اے ہمارے رب	ہم ایمان لاتے ہیں	پس لکھ لے ہمیں

مَعَ الشّٰهِدِيْنَ (83)	وَ مَا	لَنَا	لَا نُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ
سب گواہی دینے والوں کیساتھ	اور کیا ہے	ہم کو	(کہ) ہم ایمان نہ لائیں	اللہ پر

وَ مَا	جَآءَنَا	مِنَ الْحَقِّ لا	وَ نَطْمَعُ	اَنْ	يُّدْخِلَنَا
اور جو	آیا ہے ہمارے پاس	حق سے	اور ہم امید رکھتے ہیں	کہ	وہ داخل کریگا ہمیں

رَبُّنَا	مَعَ	الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ❼ (84)	فَاَثَابَهُمُ	اللّٰهُ
ہمارا رب	ساتھ	نیک لوگوں کے	تو ثواب دیا اُنہیں	اللہ نے

بِمَا	قَالُوْا	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ ❷	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
اسکے بدلے جو	ان سب نے کہا	باغات کا	(کہ) چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں

ضروری وضاحت

❶ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "ت" واحد مؤنث کی علامت ہے، عموماً الگ رنگ میں اس کا ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❸ مِمَّا دراصل مِنْ+مَا کا مجموعہ ہے۔ ❹ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ رَبَّنَا کے شروع میں یَا محذوف ہے جس کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔ ❻ نَا سے پہلے جزم میں حکم پایا جاتا ہے اس لیے ترجمہ ہمیں کیا گیا ہے۔ ❼ اَلْقَوْمِ میں ایک سے زیادہ لوگ ہوتے ہیں اس لیے ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے اور یْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں
وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿85﴾	اور یہ بدلہ ہے نیکی کرنیوالوں کا۔ ﴿85﴾
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ	اور انہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو
اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿86﴾ ع	وہ لوگ اہل دوزخ ہیں۔ ﴿86﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو مت حرام ٹھہراؤ
طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ	(ان) پاکیزہ چیزوں کو جو حلال کی ہیں اللہ نے
لَكُمْ وَ لَا تَعْتَدُوْا ؕ	تمہارے لیے اور مت تم حد سے بڑھو،
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿87﴾	بیشک اللہ نہیں پسند کرتا حد سے بڑھنے والوں کو ﴿87﴾
وَ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ	اور کھاؤ اس سے جو رزق دیا تم کو اللہ تعالیٰ نے
حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ	حلال (جو) پاکیزہ ہے، اور اللہ سے ڈرو
الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿88﴾	جو (کہ) تم اس پر ایمان لانے والے ہو۔ ﴿88﴾

ع 11/9/1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خٰلِدِيْنَ : خالد، خلدِ بریں۔
جَزَآءُ : جزا وسزا، جزائے خیر۔
اَلْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسنِ انسانیت، احسان فراموش۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
كَذَّبُوْا : کذّاب، تکذیب، مکذّب۔
اَصْحٰبُ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مومن۔

تُحَرِّمُوْا : حلّت وحرمت، حلال وحرام۔
طَيِّبٰتِ : طیب وطاہر، مدینہ طیبہ۔
اَحَلَّ : حلّت وحرمت، حلال وحرام۔
يُحِبُّ : حُبّ، محبوب، محبّت، حبیب۔
تَعْتَدُوْا، الْمُعْتَدِيْنَ : ظلم وتعدی، متعدی۔
كُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔
اِتَّقُوْا : تقویٰ، متقی۔

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ط	وَ ذٰلِكَ ❶	جَزَآءُ	الْمُحْسِنِيْنَ (85)
سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	ان میں	اور یہ	بدلہ ہے	سب نیکی کرنیوالوں کا

وَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ
اور (وہ لوگ) جن	سب نے کفر کیا	اور ان سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	وہ لوگ

ع 11 9 1

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ (86) ع	يٰٓاَيُّهَا ❷	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اہل دوزخ ہیں	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو

لَا تُحَرِّمُوْا ❸	طَيِّبٰتِ ❹	مَآ	اَحَلَّ ❺	اللّٰهُ	لَكُمْ
تم سب مت حرام ٹھہراؤ	پاکیزہ چیزوں کو	جو	حلال کی ہیں	اللہ نے	تمہارے لئے

وَ	لَا تَعْتَدُوْا ط ❸	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ ❻	الْمُعْتَدِيْنَ (87)
اور	مت تم سب حد سے بڑھو	بیشک	اللہ	نہیں پسند کرتا	سب حد سے بڑھنے والوں کو

وَ كُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا ص
اور تم سب کھاؤ	اس سے جو	رزق دیا تم کو	اللہ تعالیٰ نے	حلال	پاکیزہ

وَّ اتَّقُوا	اللّٰهَ	الَّذِيْٓ	اَنْتُمْ	بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ (88)
اور تم سب ڈرو	اللہ سے	جو (کہ)	تم	اس پر	سب ایمان لانے والے ہو

ضروری وضاحت

❶ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے اردو ترجمہ کرتے ہوئے کبھی ضرورتاً یہ ترجمہ کر دیا جاتا ہے اور عموماً ذٰلِكَ تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال بات میں زور پیدا کرنے کے لیے ہوتا ہے۔❷ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔❸ شروع میں لَا اور فعل کے آخر میں وْا میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❹ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔❺ شروع میں "ا" معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے۔❻ یہاں علامت "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ	نہیں مؤاخذہ فرمائے گا اللہ تمہارا لغو (قسموں) کا
فِیْۤ اَیْمَانِكُمْ وَ لٰكِنْ یُّؤَاخِذُكُمْ	تمہاری قسموں میں اور لیکن وہ مؤاخذہ فرمائے گا تمہارا
بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَیْمَانَ ۚ	ان پر جو تم نے پختہ (قصدًا) قسمیں کھائیں
فَكَفَّارَتُهٗۤ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِیْنَ	تو اس کا کفارہ ہے دس مسکینوں کو کھانا کھلانا
مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ	اوسط (درجے) کا جو تم کھلاتے ہو
اَهْلِیْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ	اپنے گھر والوں کو یا کپڑے پہنانا ہے ان کو
اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ ؕ	یا گردن آزاد کرنا ہے
فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ ؕ	پس جو نہ پائے تو روزے رکھنا ہے تین دن
ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَیْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ	یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب تم قسمیں کھاؤ
وَ احْفَظُوْۤا اَیْمَانَكُمْ ؕ	اور حفاظت کیا کرو اپنی قسموں کی
كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ	اسی طرح کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے
اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (89)	اپنی آیات تاکہ تم شکر گزار بنو۔ (89)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یُؤَاخِذُكُمْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	اَوْسَطِ : اوسط عمر، اوسط درجہ، اوسطاً۔
بِاللَّغْوِ : لغو، لغویات۔	اَهْلِیْكُمْ : اہل و عیال، اہلیہ، اہلِ بیت۔
عَقَّدْتُّمْ : عقیدہ، عقدِ نکاح، عقدِ ثانی۔	تَحْرِیْرُ : حریت فکر، حریت پسند۔
فَكَفَّارَتُهٗ : قسم کا کفارہ، گناہوں کا کفارہ۔	یَجِدْ : وجود، موجود، موجودہ حالات۔
اِطْعَامُ : قیام و طعام، طعام ماحضر۔	كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔
عَشَرَةِ : عشرہ مبشرہ، عشر، عاشورہ۔	یُبَیِّنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
مَسٰكِیْنَ : مسکین، مسکینی۔	تَشْكُرُوْنَ : شکر، شکریہ، اظہار تشکر۔

لَا	يُؤَاخِذُكُمُ [1]	اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ	فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ [2]	وَلٰكِنْ
نہیں	مواخذہ فرمائے گا تمہارا	اللہ	لغو (قسموں) کا	تمہاری قسموں میں	اور لیکن

يُّؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	عَقَّدْتُّمُ	الْاَيْمَانَ [2] ج	فَكَفَّارَتُهٗٓ
وہ مواخذہ فرمائے گا تمہارا	(ان) پر جو	تم نے پختہ کیں	قسمیں (قصداً)	تو اس کا کفارہ

اِطْعَامُ [3]	عَشَرَةِ [4]	مَسٰكِيْنَ	مِنْ اَوْسَطِ [5]	مَا	تُطْعِمُوْنَ
کھانا کھلانا ہے	دس	مسکینوں کو	اوسط (درجے) کا	جو	تم سب کھلاتے ہو

اَهْلِيْكُمْ [6]	اَوْ	كِسْوَتُهُمْ	اَوْ	تَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ [4] ط
اپنے گھر والوں کو	یا	کپڑے پہنانا ہے ان کو	یا	آزاد کرنا ہے	گردن

فَمَنْ	لَّمْ	يَجِدْ [1]	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ [4] ط	ذٰلِكَ [7]	كَفَّارَةُ [4]
پس جو	نہ	پائے	تو روزے رکھنا ہے	تین دن	یہ	کفارہ ہے

اَيْمَانِكُمْ [2]	اِذَا	حَلَفْتُمْ ط	وَاحْفَظُوْٓا	اَيْمَانَكُمْ [2] ط
تمہاری قسموں کا	جب	تم قسمیں کھاؤ	اور تم سب حفاظت کیا کرو	اپنی قسموں کی

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ [1]	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ [8] (89)
اسی طرح	بیان کرتا ہے اللہ	تمہارے لیے	اپنی آیات	تاکہ تم سب شکر گزار بنو

ضروری وضاحت

[1] یہاں علامت ''یُ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ [2] اَیْمَانٌ یَمِیْنٌ کی جمع ہے اِیمان الگ اور اَیمان الگ لفظ ہے۔ [3] اِطْعَامُ کے شروع میں ''ا'' معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ [4] ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ [5] مِنْ کا ترجمہ سے ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ کا کیا گیا ہے۔ [6] اَهْلِيْكُمْ جمع کا لفظ ہے اَهْلٌ کی جمع اَهْلُوْنَ یا اَهْلِيْنَ ہوتی ہے یہاں نون گر گیا ہے۔ [7] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے۔ [8] یہاں كُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو درحقیقت شراب
وَ الْمَيْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَ الْاَزْلَامُ	اور جوّا اور بت اور قرعہ کے تیر (سب)
رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ	ناپاک (اور) شیطان کے عمل سے ہیں
فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿90﴾	پس بچو ان سے تاکہ تم فلاح پاجاؤ۔ ﴿90﴾
اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ	درحقیقت شیطان تو چاہتا ہے کہ وہ ڈال دے
بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ	تمہارے درمیان دشمنی اور بغض
فِي الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ وَ يَصُدَّكُمْ	شراب اور جوئے میں (ڈال کر) اور وہ روک دے تمہیں
عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ عَنِ الصَّلٰوةِ ۚ	اللہ کے ذکر سے اور نماز سے
فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿91﴾	تو کیا تم (ان چیزوں سے) باز آنے والے ہو؟ ﴿91﴾
وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی
وَ احْذَرُوْا ۚ فَاِنْ	اور بچو (جوئے اور شراب وغیرہ سے) پھر اگر
تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا	منہ موڑا تم نے تو جان لو درحقیقت

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْٓا : امن، ایمان، مؤمن۔	بَيْنَكُمْ : بین الاقوامی، بین المذاہب، بین بین۔
مِّنْ : منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔	الْعَدَاوَةَ : بغض وعداوت۔
عَمَلِ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔	الْبَغْضَآءَ : حسد وبغض، بغض وعداوت۔
فَاجْتَنِبُوْهُ : اجتناب، ایک جانب۔	ذِكْرِ : ذکر، اذکار، ذاکر، مذکور۔
تُفْلِحُوْنَ : فلاح، فوز وفلاح، فلاحی کام۔	مُّنْتَهُوْنَ : منتہیٰ، انتہا۔
يُرِيْدُ : ارادہ، مرید، مراد۔	اَطِيْعُوا : اطاعت وفرمانبرداری، مطیع۔
يُّوْقِعَ : واقعہ، وقوعہ، محلِ وقوع۔	فَاعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

یٰۤاَیُّهَا [1]	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنَّمَا [2]	الْخَمْرُ	وَ الْمَیْسِرُ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	درحقیقت	شراب	اور جوا

وَ الْاَنْصَابُ	وَ الْاَزْلَامُ	رِجْسٌ	مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ
اور بت	اور قرعہ کے تیر	ناپاک	(اور) شیطان کے عمل سے ہیں

فَاجْتَنِبُوْهُ [3]	لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ [4] (90)	اِنَّمَا [2]	یُرِیْدُ [5]	الشَّیْطٰنُ
پس تم سب بچو اس سے	تاکہ تم سب فلاح پاجاؤ	درحقیقت	چاہتا ہے	شیطان

اَنْ	یُّوْقِعَ	بَیْنَكُمُ	الْعَدَاوَةَ [6]	وَ الْبَغْضَآءَ	فِی الْخَمْرِ
کہ	وہ ڈال دے	تمہارے درمیان	دشمنی	اور بغض	شراب میں

وَ الْمَیْسِرِ	وَ	یَصُدَّكُمْ	عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ	وَ عَنِ الصَّلٰوةِ [6] ج
اور جوئے (میں ڈال کر)	اور	وہ روک دے تمہیں	اللہ کے ذکر سے	اور نماز سے

فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّنْتَهُوْنَ (91)	وَ اَطِیْعُوا [7]	اللّٰهَ	وَ اَطِیْعُوا [7]
تو کیا	تم	سب باز آنے والے ہو	اور تم سب اطاعت کرو	اللہ کی	اور اطاعت کرو

الرَّسُوْلَ	وَ	احْذَرُوْا [7] ج	فَاِنْ	تَوَلَّیْتُمْ	فَاعْلَمُوْۤا	اَنَّمَا [2]
رسول کی	اور	سب بچو (شراب وغیرہ سے)	پھر اگر	تم نے منہ موڑا	تو تم سب جان لو	درحقیقت

ضروری وضاحت

[1] یَا اور اَیُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ [2] اَنَّ کے ساتھ اگر مَا آجائے تو اس میں تاکید کا اضافہ ہوجاتا ہے اور اس کا مفہوم اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہوتا ہے۔ [3] وا کے ساتھ اگر کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گرجاتا ہے۔ [4] یہاں کُمْ اور تـ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ [5] یہاں علامت ”یـ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ [6] ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ [7] اگر شروع میں ”ا“ میں اور آخر میں وا ہو تو اس میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿92﴾	ہمارے رسول پر پہنچا دینا ہے واضح طور پر۔ ﴿92﴾
لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	نہیں ہے ان لوگوں پر جو ایمان لائے
وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے کوئی گناہ
فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا	(اس بارے) میں جو وہ کھا چکے جبکہ وہ بچے رہے (شرک سے)
وَّ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور وہ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے
ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا	پھر وہ بچے رہے (حرام چیزوں سے) اور ایمان پر قائم رہے
ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا ؕ	پھر انہوں نے تقویٰ اختیار کیا اور نیک کام کیے
وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿93﴾ ع	اور اللہ محبت رکھتا ہے نیکی کرنیوالوں سے۔ ﴿93﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو۔
لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ	ضرور بالضرور آزمائے گا تمہیں اللہ
بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ	کسی چیز سے شکار (میں) سے
تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ	(کہ) پاسکیں گے اسے تمہارے ہاتھ

ع 12/7/2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلٰى : علیحدہ، علی الحقیقت، علی الاعلان۔

رَسُوْلِنَا : نبی ورسول، رسالت، مرسل۔

الْبَلٰغُ : ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، تبلیغی دورے۔

الْمُبِيْنُ : بیان، بیّن دلیل، مبینہ طور پر۔

عَمِلُوا : عمل، معمول، تعمیل، معمولاتِ زندگی۔

طَعِمُوْٓا : قیام وطعام، طعام ماحضر۔

اتَّقَوْا : تقوٰی، متقی۔

اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔

اَحْسَنُوْا، الْمُحْسِنِيْنَ : احسن، محسن، محسنِ کائنات۔

يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔

لَيَبْلُوَنَّكُمُ : دورِ ابتلاء، مصیبت میں مبتلا ہونا۔

بِشَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔

الصَّيْدِ : دامِ صیاد، صیدگاہ۔

اَيْدِيْكُمْ : یدِ بیضاء، یدِ طولیٰ۔

عَلٰى رَسُوْلِنَا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ (92)	لَيْسَ	عَلَى الَّذِيْنَ
ہمارے رسول پر	پہنچا دینا ہے	واضح طور پر	نہیں ہے	ان لوگوں پر جو

اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❶	جُنَاحٌ ❷	فِيْمَا
سب ایمان لائے	اور سب نے عمل کیے	نیک	کوئی گناہ	(اس بارے) میں جو

طَعِمُوْٓا	اِذَا مَا	اتَّقَوْا	وَّ اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا
وہ سب کھا چکے	جب کہ	وہ سب بچے رہے (شرک سے)	اور وہ سب ایمان لائے	اور سب عمل کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ ❶	ثُمَّ	اتَّقَوْا	وَّ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ
نیک	پھر	وہ سب بچے رہے (حرام چیزوں سے)	اور	سب ایمان پر قائم رہے	پھر

ع 12 7 2

اتَّقَوْا	وَّ اَحْسَنُوْا ط	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ ❸	الْمُحْسِنِيْنَ (93) ع
سب نے تقویٰ اختیار کیا	اور سب نے نیک کام کیے	اور اللہ	محبت رکھتا ہے	نیکی کرنیوالوں سے

يٰٓاَيُّهَا ❹	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَيَبْلُوَنَّكُمُ ❸❺	اللّٰهُ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	ضرور بالضرور آزمائے گا تمہیں	اللہ

بِشَيْءٍ ❷	مِّنَ الصَّيْدِ	تَنَالُهٗٓ ❻	اَيْدِيْكُمْ ❼
کسی چیز سے	شکار میں سے	(کہ) پاسکیں گے اسے	تمہارے ہاتھ

ضروری وضاحت

❶ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔ ❸ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ یا اور اَیُّھا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❺ لَيَبْلُوَنَّكُمْ کے شروع میں لَ اور نَّ دنوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❻ تَنَالُهٗ میں علامت تـ واحد مؤنث کی علامت ہے انسان کے علاوہ جمع کے ساتھ عموماً فعل واحد مؤنث آتا ہے۔ ❼ اَيْدِيْكُمْ میں "اَيْدِيْ" يَدٌ کی جمع ہے۔

وَ رِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ	اور تمہارے نیزے تاکہ معلوم کرے اللہ (کہ)
مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ	کون ڈرتا ہے اس سے غائبانہ
فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ	پس جو زیادتی کرے اس کے بعد
فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿94﴾	تو اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿94﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو، نہ مارو
الصَّيْدَ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ	شکار اس حال میں کہ تم احرام میں ہو
وَ مَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا	اور جو مار ڈالے گا اسے تم میں سے جان بوجھ کر
فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ	تو بدلہ دینا ہے اس جیسا جو اس نے مار ڈالا ہے
مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ	چوپایوں میں سے، فیصلہ کریں گے اس کا دو عدل والے
مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ	تم میں سے، قربانی ہے پہنچنے والی کعبہ کو
اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ	یا کفارہ ہے مسکینوں کو کھانا کھلانا
اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا	یا اس کے برابر روزے رکھنا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِيَعْلَمَ : علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	مُّتَعَمِّدًا : عمدًا، قتلِ عمد۔
يَخَافُهٗ : اللہ کا خوف، خائف ہونا۔	حُرُمٌ : احرام، محرم۔
اعْتَدٰى : ظلم و تعدی، متعدی، عدوان۔	فَجَزَآءٌ : جزا و سزا، جزائے خیر، جزاک اللہ خیر۔
اَلِيْمٌ : المیہ، المناک، رنج و الم۔	مِّثْلُ : مثل، مثال، تمثیل، امثال۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔	يَحْكُمُ : حکم، حاکم، محکوم۔
تَقْتُلُوا، قَتَلَهٗ : قتل، قاتل، مقتول۔	عَدْلٍ : عدل و انصاف، عادل حکمران، عدالت۔
الصَّيْدِ : دامِ صیاد، صید گاہ۔	كَفَّارَةٌ : قسم کا کفارہ، گناہوں کا کفارہ۔

وَ	رِمَاحُكُمْ	لِيَعْلَمَ ❶❷	اللّٰهُ	مَنْ	يَّخَافُهٗ ❷	بِالْغَيْبِ ۚ ❸
اور	تمہارے نیزے	تا کہ معلوم کرے	اللہ (کہ)	کون	ڈرتا ہے اس سے	غیب سے

فَمَنِ	اعْتَدٰى	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَلَهٗ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ (94)
پس جو	زیادتی کرے	اس کے بعد	تو اس کے لیے	عذاب ہے	دردناک

يٰۤاَيُّهَا ❹	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَقْتُلُوا ❺	الصَّيْدَ	وَاَنْتُمْ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	نہ تم سب مار ڈالو	شکار کو	اس حال میں کہ تم

حُرُمٌ ؕ	وَمَنْ	قَتَلَهٗ	مِنْكُمْ	مُّتَعَمِّدًا
احرام میں ہو	اور جو	مار ڈالے اسے	تم میں سے	جان بوجھ کر

فَجَزَآءٌ	مِّثْلُ	مَا	قَتَلَ	مِنَ النَّعَمِ	يَحْكُمُ ❷
تو بدلہ دینا ہے	اس جیسا	جو	اس نے مار ڈالا	چوپایوں میں سے	فیصلہ کریں گے

بِهٖ	ذَوَا عَدْلٍ ❻	مِّنْكُمْ	هَدْيًا	بٰلِغَ	الْكَعْبَةِ ❼
اس کا	دو عدل والے	تم میں سے	قربانی ہے	پہنچنے والی	کعبہ کو

اَوْ	كَفَّارَةٌ ❼	طَعَامُ	مَسٰكِيْنَ ❽	اَوْ	عَدْلُ ذٰلِكَ	صِيَامًا
یا	کفارہ ہے	کھانا کھلانا	مسکینوں کو	یا	اس کے برابر	روزے رکھنا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت لِ اگر فعل کے شروع میں ہو اور اس کے آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تا کہ کیا گیا ہے۔ ❷ علامت يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ مراد ہے غائبانہ طور پر۔ ❹ يَا اور اَيُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❺ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ ذَوَا میں الف کا مفہوم دو ہے۔ ❼ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽ مَسٰكِيْنَ کے آخر میں يْنَ جمع مذکر کی علامت نہیں بلکہ اصل لفظ کا حصہ ہے اور یہ مِسْكِيْنٌ کی جمع ہے۔

لِّيَذُوۡقَ وَبَالَ اَمۡرِهٖ ؕ	تا کہ وہ چکھے اپنے کیے کی سزا (کا مزہ)
عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ	معاف کر دیا ہے اللہ نے اس کو جو پہلے گزر چکا
وَمَنۡ عَادَ فَيَنۡتَقِمُ اللّٰهُ مِنۡهُ ؕ	اور جو دوبارہ کرے گا تو انتقام لے گا اللہ اس سے
وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ ذُوۡ انۡتِقَامٍ ﴿95﴾	اور اللہ غالب ہے انتقام لینے والا۔ ﴿95﴾
اُحِلَّ لَـكُمۡ صَيۡدُ الۡبَحۡرِ	حلال کیا گیا ہے تمہارے لیے سمندر کا شکار (احرام کی حالت میں)
وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّـكُمۡ	اور اس کا کھانا (بھی)، فائدہ ہے تمہارے لیے
وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيۡكُمۡ	اور مسافروں کیلئے (بھی) اور حرام کیا گیا ہے تم پر
صَيۡدُ الۡبَـرِّ مَا دُمۡتُمۡ حُرُمًا ؕ	خشکی کا شکار جب تک تم رہو احرام کی حالت میں
وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡۤ	اور ڈرتے رہو اللہ سے جو (کہ)
اِلَيۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ﴿96﴾	اسی کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے۔ ﴿96﴾
جَعَلَ اللّٰهُ الۡـكَعۡبَةَ الۡبَيۡتَ الۡحَـرَامَ	بنایا ہے اللہ نے کعبہ کو (جو) حرمت والا گھر ہے
قِيٰمًا لِّلنَّاسِ	قائم رہنے کا باعث لوگوں کیلئے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّيَذُوۡقَ	: ذائقہ، موت کا ذائقہ۔	الۡبَحۡرِ	: بحری سفر، بحری جہاز، بحری بیڑہ۔
وَبَالَ	: گناہوں کا وبال، وبالِ جان۔	طَعَامُهٗ	: قیام وطعام، طعام ماحضر۔
اَمۡرِهٖ	: امر، آمر، آمریت، امر ربی۔	مَتَاعًا	: مال ومتاع، متاعِ کارواں۔
عَفَا	: عفو ودرگزر، معافی، عافیت۔	لِلسَّيَّارَةِ	: سیر وسیاحت، صبح کی سیر، سیر گاہ۔
سَلَفَ	: سلف، اسلاف، سلفی۔	دُمۡتُمۡ	: دوام، دائمی۔
عَادَ	: اعادہ کرنا، مسیح موعود۔	الۡبَـرِّ	: براعظم، بری افواج۔
فَيَنۡتَقِمُ	: انتقام، انتقامی کاروائی۔	قِيٰمًا	: قیام وطعام، قیام اللیل، قائم، مقیم۔

لِّيَذُوْقَ ❶	وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ	عَفَا	اللّٰهُ	عَمَّا ❷	سَلَفَ ؕ
تاکہ وہ چکھے	اپنے کیے کی سزا	معاف کر دیا ہے	اللہ نے	اس کو جو	پہلے گزر چکا

وَمَنْ	عَادَ	فَيَنْتَقِمُ ❸	اللّٰهُ	مِنْهُ ؕ	وَ اللّٰهُ	عَزِيْزٌ
اور جو	دوبارہ کرے گا	تو انتقام لے گا	اللہ	اس سے	اور اللہ	غالب ہے

ذُوا نْتِقَامٍ (95)	اُحِلَّ ❹	لَكُمْ	صَيْدُ الْبَحْرِ	وَ
انتقام (لینے) والا	حلال کیا گیا ہے	تمہارے لیے	سمندر کا شکار (احرام کی حالت میں)	اور

طَعَامُهٗ	مَتَاعًا	لَّكُمْ	وَ	لِلسَّيَّارَةِ ۚ	وَ حُرِّمَ ❹
اس کا کھانا	فائدہ مند ہے	تمہارے لیے	اور	مسافروں کیلئے	اور حرام کیا گیا ہے

عَلَيْكُمْ	صَيْدُ الْبَرِّ	مَا دُمْتُمْ ❺	حُرُمًا ؕ	وَ	اتَّقُوا
تم پر	خشکی کا شکار	جب تک تم رہو	احرام کی حالت میں	اور	تم سب ڈرتے رہو

اللّٰهَ ❻	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ ❼ (96)	جَعَلَ	اللّٰهُ ❽
اللہ سے	جو (کہ)	اسی کی طرف	تم سب اکٹھے کئے جاؤ گے	بنایا ہے	اللہ نے

الْكَعْبَةَ	الْبَيْتَ	الْحَرَامَ	قِيٰمًا	لِّلنَّاسِ
کعبہ کو	گھر	حرمت والا	قائم رہنے کا باعث	لوگوں کیلئے

ضروری وضاحت

❶ لِ اگر فعل کے شروع میں ہو اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔ ❷ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ❸ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا ہوتا ہے۔ ❺ یہاں مَا کا ترجمہ فعل کے ساتھ ملا کر جب تک کیا گیا ہے۔ ❻ فعل کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❼ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ فعل کے بعد اسم کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

وَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ	اور حرمت والے مہینوں کو
وَ الْهَدْيَ وَ الْقَلَآئِدَ ؕ	اور قربانی کو اور پٹے والے جانوروں کو
ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ	یہ (اس لیے) تاکہ تم جان لو کہ بیشک اللہ
يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ	جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے
وَ مَا فِي الْاَرْضِ وَ اَنَّ اللّٰهَ	اور جو کچھ زمین میں ہے اور بیشک اللہ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿97﴾	ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿97﴾
اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ	جان لو کہ بیشک اللہ سخت عذاب (دینے) والا ہے
وَ اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿98﴾	اور (یہ) کہ بیشک خوب بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ﴿98﴾
مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ	نہیں ہے رسول پر مگر پہنچا دینا
وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ	اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو
وَ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿99﴾	اور جو تم (سینوں میں) چھپاتے ہو۔ ﴿99﴾
قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَ الطَّيِّبُ	کہہ دو نہیں برابر ہوسکتیں ناپاک اور پاک (چیزیں)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْحَرَامَ : حرمت، محرم۔
الْقَلَآئِدَ : قلادہ، مقلد، تقلید۔
لِتَعْلَمُوْٓا، يَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماوی۔
بِكُلِّ : کل جہان، کل کائنات، کل نمبر۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔
شَدِيْدُ : اشد، شدید مشکلات، شدید بحران۔

الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار، دعائے مغفرت۔
رَّحِيْمٌ : رحم وکرم، مرحوم، رحمت، رحیم۔
الرَّسُوْلِ : رسول اکرم، رسالت۔
الْبَلٰغُ : ابلاغ، تبلیغ، مبلّغ، بلوغت، بالغ۔
تَكْتُمُوْنَ : کتمانِ حق، کتمانِ علم۔
يَسْتَوِي : مساوی، مساوات۔

وَ	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَ	الْهَدْیَ	وَ	الْقَلَآئِدَ ؕ
اور	حرمت والے مہینوں کو	اور	قربانی کو	اور	پٹے والے جانوروں کو

ذٰلِكَ ❶	لِتَعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ ❷	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❸
یہ (اس لیے)	تاکہ تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	جانتا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے

وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ اَنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ❹ (97)
اور جو کچھ	زمین میں ہے	اور بیشک	اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا ہے

اِعْلَمُوْٓا ❺	اَنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	وَ	اَنَّ اللّٰهَ
تم سب جان لو	کہ بیشک اللہ	سخت	عذاب (دینے) والا ہے	اور	یہ کہ بیشک اللہ

غَفُوْرٌ ❹	رَّحِيْمٌ ❹ ؕ (98)	مَا ❻	عَلَى الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ ؕ
خوب بخشنے والا	بڑا مہربان ہے	نہیں ہے	رسول پر	مگر	پہنچا دینا

وَ اللّٰهُ	يَعْلَمُ ❷	مَا	تُبْدُوْنَ	وَ مَا	تَكْتُمُوْنَ (99)
اور اللہ	جانتا ہے	جو	تم سب ظاہر کرتے ہو	اور جو	تم سب (سینوں میں) چھپاتے ہو

قُلْ	لَّا	يَسْتَوِي ❷	الْخَبِيْثُ	وَ	الطَّيِّبُ
کہہ دو	نہیں	برابر ہو سکتے	ناپاک	اور	پاک

ضروری وضاحت

❶ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے، قرآن میں عموماً ذٰلِكَ، تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا استعمال بات کی اہمیت ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ❷ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❸ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❹ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ شروع میں "ا" اور آخر میں وْا میں کام کرنے کے حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ "نہیں" کرتے ہیں۔

وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ	اور اگرچہ بھلی لگے آپ کو ناپاک کی کثرت
فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ	تو ڈرتے رہو اللہ سے اے عقل والو!
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿100﴾ ع 13/7/3	تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ ﴿100﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو
لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ	مت پوچھو (ایسی) چیزوں کے بارے میں
اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ	اگر وہ ظاہر کردی جائیں تمہارے لیے بُری لگیں تمہیں
وَ اِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا	اور اگر تم پوچھو گے ان کے بارے میں
حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ	ایسے وقت جب قرآن اُتارا جا رہا ہو (تو)
تُبْدَ لَكُمْ ؕ	وہ ظاہر کردی جائیں گی تمہارے لیے
عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ	معاف کر دیا ہے اللہ نے اس سے (جواب تک ہو چکا)
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿101﴾	اور اللہ بخشنے والا بُردبار ہے۔ ﴿101﴾
قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ	یقیناً سوال کیا ان کا ایک قوم نے تم سے پہلے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعْجَبَكَ : عجیب وغریب، عجائب گھر، تعجب۔	اَشْيَآءَ : اشیائے ضرورت، اشیائے خورد ونوش۔
كَثْرَةُ : قلت وکثرت، اکثر، کثیر، اکثریت۔	تَسُؤْكُمْ : علمائے سوء، سوءِ ظن۔
الْخَبِيْثِ : خبث باطن، خبیث النفس، خباثت۔	يُنَزَّلُ : نازل، نزول، منزّل۔
يٰٓاُولِي : اولوالعزم۔	عَفَا : عفو ودرگزر، معافی، عافیت۔
تُفْلِحُوْنَ : فوز وفلاح، فلاحی کام، فلاحی تنظیمیں۔	غَفُوْرٌ : استغفار، دعائے مغفرت۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔	حَلِيْمٌ : حلیم الطبع، حلم وبُردباری۔
تَسْـَٔلُوْا، سَاَلَهَا : سوال، سائل، مسؤل۔	قَبْلِكُمْ : قبل از غذا، قبل از وقت۔

ع 13 7 3

وَ لَوْ	اَعْجَبَكَ ❶	كَثْرَةُ ❷	الْخَبِيْثِ ج	فَاتَّقُوا
اور اگرچہ	بھلی لگے آپ کو	کثرت	ناپاک کی	تو تم سب ڈرتے رہو

اللّٰهَ	يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ	لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ❸ ع (100)	يٰٓاَيُّهَا
اللہ سے	اے عقل والو!	تا کہ تم سب فلاح پا جاؤ	اے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَسْئَلُوْا	عَنْ اَشْيَآءَ	اِنْ
وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب پوچھو	(ایسی) چیزوں کے بارے میں	اگر

تُبْدَ ❹	لَكُمْ	تَسُؤْكُمْ ❹ ج	وَ اِنْ	تَسْئَلُوْا
وہ ظاہر کر دی جائیں	تمہارے لیے	بُری لگیں تمہیں	اور اگر	تم سب پوچھو گے

عَنْهَا	حِيْنَ	يُنَزَّلُ ❺	الْقُرْاٰنُ	تُبْدَ ❹
انکے بارے میں	(ایسے وقت) جب	اُتارا جا رہا ہو	قرآن	(تو) وہ ظاہر کر دی جائیں گی

لَكُمْ ط	عَفَا	اللّٰهُ ❻	عَنْهَا ط	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ ❼
تمہارے لیے	معاف کر دیا ہے	اللہ نے	اس سے (جواب تک ہو چکا)	اور اللہ	بہت بخشنے والا

حَلِيْمٌ ❼ (101)	قَدْ	سَاَلَهَا	قَوْمٌ ❽	مِّنْ قَبْلِكُمْ
بہت بُرد بار ہے	یقیناً	سوال کیا ان کا	ایک قوم نے	تم سے پہلے

ضروری وضاحت

❶ اَعْجَبَكَ کے شروع میں ”ا“ معنی میں تبدیلی کے لیے آیا ہے۔ ❷ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❸ كُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ ”تم“ کیا گیا ہے۔ ❹ علامت تَ کا ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❺ يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ فعل کے بعد ایسا اسم کہ جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❽ قَوْمٌ پر تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے جس کا ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿102﴾	پھر ہو گئے ان کا انکار کرنے والے۔ ﴿102﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ	نہیں بنایا اللہ نے (کوئی چیز) بحیرہ کو
وَّ لَا سَآئِبَةٍ وَّ لَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ	اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حام کو
وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور لیکن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ	وہ باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹ،
وَ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿103﴾	اور ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ ﴿103﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا	اور جب کہا جائے ان سے آؤ
اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	اس کی طرف جو اللہ نے اُتارا ہے
وَ اِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا	اور رسول کی طرف (تو) کہتے ہیں کافی ہے ہمیں (وہی)
مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ	جو (کہ) پایا ہم نے اس پر اپنے باپ دادا کو
اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ	اور کیا اگرچہ ہوں ان کے باپ دادا
لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿104﴾	کچھ نہ جانتے اور نہ وہ راہ راست پر ہوں۔ ﴿104﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار۔	قِيْلَ، قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
لٰكِنَّ : لیکن۔	اَنْزَلَ : نازل، شانِ نزول، منزل من اللہ۔
يَفْتَرُوْنَ : کذب و افترا، افترا پردازی، مفتری۔	اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
عَلٰى، عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	وَجَدْنَا : وجود، موجود، ایجاد۔
الْكَذِبَ : کذاب، مکذب، تکذیب۔	اٰبَآءَنَا : آباء واجداد، آبائی علاقہ، آبائی نسبت۔
اَكْثَرُهُمْ : اکثر و بیشتر، اکثریت، کثرت۔	يَهْتَدُوْنَ : ہدایت، رشد و ہدایت، ہادیٔ برحق۔
يَعْقِلُوْنَ : عقل و شعور، عاقل و بالغ، معقول۔	يَعْلَمُوْنَ : علم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

ثُمَّ	اَصْبَحُوْا	بِهَا	كٰفِرِيْنَ (102)	مَا	جَعَلَ	اللّٰهُ
پھر	وہ سب ہوگئے	ان کا	سب انکار کرنے والے	نہیں	بنایا	اللہ نے

مِنْ بَحِيْرَةٍ ❶❷❸	وَّ لَا	سَآئِبَةٍ ❷❹	وَّ لَا	وَّصِيْلَةٍ ❷❺	وَّ لَا	حَامٍ ❻
بحیرہ کو	اور نہ	سائبہ (کو)	اور نہ	وصیلہ (کو)	اور نہ	حام (کو)

وَّ لٰكِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ ط
اور لیکن	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	وہ سب باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ

وَ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ (103)	وَ اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ
اور	ان میں سے اکثر	نہیں وہ سب عقل رکھتے	اور جب	کہا جائے	ان سے

تَعَالَوْا	اِلٰى مَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	وَ	اِلَى الرَّسُوْلِ	قَالُوْا
سب آؤ	اس کی طرف جو	اُتارا ہے اللہ نے	اور	رسول کی طرف	(تو) سب کہتے ہیں

حَسْبُنَا	مَا	وَجَدْنَا	عَلَيْهِ	اٰبَآءَنَا ط	اَوَ لَوْ	كَانَ
کافی ہے ہمیں	(وہی) جو	پایا ہم نے	اس پر	اپنے باپ دادا کو	اور کیا اگرچہ	ہوں

اٰبَآؤُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّ	لَا يَهْتَدُوْنَ (104)
ان کے باپ دادا	نہ وہ سب جانتے ہوں	کچھ	اور	نہ وہ سب راہ راست پر ہوں

ضروری وضاحت

❶ مِنْ کا ترجمہ کو ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❷ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ بَحِيْرَة وہ اونٹنی جسکے کان چیر کر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور کوئی اسکا دودھ نہ دوہ سکتا تھا۔ ❹ سَائِبَة وہ جانور جو مراد پوری ہونے پر بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے اور اس پر بوجھ نہ لادتے تھے۔ ❺ وَصِيْلَة وہ اونٹنی جو اول عمر میں اوپر تلے دو مادہ بچے دیتی، اسے بھی بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے۔ ❻ حَام وہ اونٹ جسکی نسل سے چند بچے لے کر اس سے کام لینا ترک کردیتے۔

يَآيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا عَلَيۡكُمۡ	اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو لازم ہے تم پر
اَنۡفُسَكُمۡ ۚ لَا يَضُرُّكُمۡ	اپنے نفسوں (کی فکر کرنا) نہیں نقصان پہنچائے گا تمہیں
مَّنۡ ضَلَّ اِذَا اهۡتَدَيۡتُمۡ ؕ	جو گمراہ ہو جائے جبکہ تم ہدایت پر رہو۔
اِلَى اللّٰهِ مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيۡعًا	اللہ کی طرف لوٹنا ہے تم سب کا
فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿105﴾	پھر وہ خبر دے گا تمہیں اسکی جو تم تھے کیا کرتے ﴿105﴾
يَآيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
شَهَادَةُ بَيۡنِكُمۡ	گواہی (کا اصول) تمہارے درمیان (یہ ہے کہ)
اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الۡمَوۡتُ	جب حاضر ہونے لگے تم میں سے کسی ایک پر موت
حِيۡنَ الۡوَصِيَّةِ اثۡنٰنِ	(تو گواہ بنالے) وصیت کے وقت دو (مردوں) کو
ذَوَا عَدۡلٍ مِّنۡكُمۡ	دو عدل والے (جو) تم (مسلمانوں) میں سے (معتبر) ہوں
اَوۡ اٰخَرٰنِ مِنۡ غَيۡرِكُمۡ	یا دوسرے دو ہوں تمہارے علاوہ (غیر مسلموں) میں سے
اِنۡ اَنۡتُمۡ ضَرَبۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ	اگر تم سفر پر نکلے ہو زمین میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوۡا	امن، ایمان، مؤمن۔	تَعۡمَلُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیمات۔
اَنۡفُسَكُمۡ	نفسیات، نفسا نفسی، نفسانی خواہشات۔	شَهَادَةُ	شاہد، شہید، شہادت، شواہد۔
يَضُرُّكُمۡ	ضرر رساں، مضر صحت۔	بَيۡنِكُمۡ	بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
ضَلَّ	ضلالت و گمراہی۔	حَضَرَ	حاضر، حاضری، تناول ماحضر۔
اهۡتَدَيۡتُمۡ	ہادی، ہدایت، ہدایت یافتہ۔	الۡوَصِيَّةِ	وصیت کرنا۔
مَرۡجِعُكُمۡ	رجوع کرنا، رجوع کا حق، رجعت۔	اثۡنٰنِ	لا ثانی، تیرا کوئی ثانی نہیں۔
جَمِيۡعًا	جمیع کائنات، جمع، جامع، مجموعہ۔	ذَوَا	ذو اضعاف اقل، ذو معنی، ذیشان۔

يٰۤاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	عَلَيْكُمْ	اَنْفُسَكُمْ ۚ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	(لازم ہے فکر کرنا) تم پر	اپنے نفسوں کی

لَا	يَضُرُّكُمْ ❷	مَّنْ ❸	ضَلَّ	اِذَا	اهْتَدَيْتُمْ ؕ
نہیں	نقصان پہنچائے گا تمہیں	جو	گمراہ ہو جائے	جبکہ	تم ہدایت پر رہو

اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا
اللہ کی طرف	لوٹنا ہے تمہارا	سب کا	پھر وہ خبر دے گا تمہیں	(اس) کی جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ❹ (105)	يٰۤاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	شَهَادَةُ ❺
تھے تم سب کیا کرتے	اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	گواہی (کا اصول)

بَيْنِكُمْ	اِذَا	حَضَرَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ
تمہارے درمیان (یہ ہے کہ)	جب	حاضر ہونے لگے	تم میں سے کسی ایک کو	موت

حِيْنَ الْوَصِيَّةِ ❺	اثْنٰنِ ❻	ذَوَا عَدْلٍ ❻	مِّنْكُمْ	اَوْ
(تو گواہ بنالے) وصیت کے وقت	دو (مردوں کو)	دو عدل والے	تم (مسلمانوں) میں سے	یا

اٰخَرٰنِ ❻	مِنْ غَيْرِكُمْ	اِنْ	اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ ❼	فِي الْاَرْضِ
دوسرے دو ہوں	تمہارے علاوہ (غیر مسلموں) میں سے	اگر	تم سفر پر نکلے ہو	زمین میں

ضروری وضاحت

❶ يَا اور اَيُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔ ❷ علامت يه کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو کبھی کون یا کس کیا جاتا ہے۔ ❹ علامت تُمْ اور تـ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❺ ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ❻ ـٰنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ یہاں اَنْتُمْ اور تُمْ دونوں کا ترجمہ تم ہے اور اگر ضَرَبْتُمْ یا يَضْرِبُوْنَ کے بعد فِي الْاَرْضِ ہو تو مفہوم زمین میں سفر کرنا ہوتا ہے۔

فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ط	تو پہنچے تمہیں موت کی مصیبت
تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ	(تو) تم روکو ان دونوں کو نماز کے بعد
فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ	پس وہ دونوں قسمیں کھائیں اللہ کی
اِنِ ارْتَبْتُمْ	(یہ اس صورت میں ہوگا) اگر تمہیں شک ہو (وہ دونوں کہیں)
لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا	نہیں ہم بدلے میں لیں گے اس (قسم) کے کوئی قیمت
وَّ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى لا	اور اگرچہ وہ ہو قرابت والا
وَ لَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ لا	اور نہیں ہم چھپائیں گے اللہ کی گواہی کو (اگر ایسا کریں تو)
اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ (106)	بیشک ہم تب ضرور گناہگاروں میں سے ہونگے۔ (106)
فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ	پھر اگر معلوم ہوجائے کہ بیشک وہ دونوں مستحق ہوئے ہیں
اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ	گناہ کے (جھوٹ بول کر) تو دوسرے دو کھڑے ہوں
مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ	ان دونوں کی جگہ ان لوگوں میں سے جن کی
اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ	حق تلفی ہوئی جن کی، دونوں قریبی ہوں (میت کے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَاَصَابَتْكُمْ	مصیبت، مصائب (پہنچنا)۔	ثَمَنًا	زرِ ثمن۔
الْمَوْتِ	موت وحیات، میت۔	قُرْبٰى	قرب، قریب، قرابت۔
تَحْبِسُوْنَهُمَا	حبسِ بیجا، محبوس کر دینا۔	نَكْتُمُ	کتمانِ حق، کتمانِ علم۔
بَعْدِ	بعد از فروخت، بعد از غذا۔	شَهَادَةَ	شاہد، شہید، شہادت۔
فَيُقْسِمٰنِ	قسم کا کفارہ، اللہ کی قسم۔	مِنْ	من جانب، من وعن، من حیث القوم۔
لَا	لاعلاج، لاتعداد، لامحدود۔	اسْتَحَقَّاۤ	حق، مستحق، استحقاق۔
نَشْتَرِيْ	بیع وشریٰ، مشتری ہوشیار باش۔	يَقُوْمٰنِ، مَقَامَهُمَا	قائم مقام، قیام، مقیم، بلند مقام۔

فَاَصَابَتْكُمْ ❶	مُّصِيْبَةُ ❷	الْمَوْتِ	تَحْبِسُوْنَهُمَا
تو پہنچے تمہیں	مصیبت	موت کی	(تو) تم سب روکو ان دونوں کو

مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ ❷❸	فَيُقْسِمٰنِ ❹	بِاللّٰهِ	اِنِ	ارْتَبْتُمْ
نماز کے بعد	پس وہ دونوں قسمیں کھائیں	اللہ کی	اگر	تمہیں شک ہو

لَا	نَشْتَرِيْ	بِهٖ	ثَمَنًا	وَّلَوْ	كَانَ
(وہ کہیں) نہیں	ہم بدلے میں لیں گے	اس (قسم) کے	کوئی قیمت	اور اگرچہ	وہ ہو

ذَا قُرْبٰى ۙ	وَلَا	نَكْتُمُ	شَهَادَةَ اللّٰهِ ❷ ۙ	اِنَّآ ❺	اِذًا
قرابت والا	اور نہیں	ہم چھپائیں گے	اللہ کی گواہی کو (اگر ایسا کریں تو)	بیشک ہم	تب

لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ (106)	فَاِنْ	عُثِرَ	عَلٰٓى اَنَّهُمَا
ضرور گناہگاروں میں سے ہونگے	پھر اگر	اطلاع پائی جائے	(اس) پر کہ بیشک وہ دونوں

اسْتَحَقَّآ	اِثْمًا	فَاٰخَرٰنِ ❹ يَقُوْمٰنِ ❻	مَقَامَهُمَا
دونوں مستحق ہوئے ہیں	گناہ کے (جھوٹ بول کر)	تو دوسرے دو کھڑے ہوں	ان دونوں کی جگہ

مِنَ الَّذِيْنَ	اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ ❼	الْاَوْلَيٰنِ ❹
ان لوگوں میں سے جو (کہ)	حق ثابت ہوا ان کے خلاف	دونوں قریبی ہوں (میت کے)

ضروری وضاحت

❶ علامت تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ة اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اگر لفظ بَعْد سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❹ علامت ـٰنِ دو ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ ❺ اِنَّا اصل میں اِنَّنَا تھا تخفیف کے لیے ایک نون گرا دیا گیا ہے۔ ❻ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❼ اس کا مفہوم یہ ہے کہ جن کے خلاف (جھوٹ بول کر اور حق دبا کر) گناہ کا ارتکاب کیا گیا۔

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ	تو وہ دونوں قسمیں کھائیں اللہ کی (کہ) یقیناً ہماری گواہی
اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا	زیادہ سچی ہے ان دونوں کی گواہی سے
وَ مَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ	اور نہیں ہم نے کوئی زیادتی کی، بیشک ہم
اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿107﴾	تب ضرور ظالموں میں سے (ہوجائیں گے) ﴿107﴾
ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ	یہ زیادہ قریب ہے کہ یہ لوگ لائیں گواہی کو
عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا	اسکے صحیح رخ پر (ٹھیک ٹھیک) یا وہ ڈریں (اس بات سے)
اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ	کہ رد کردی جائیں گی (ہماری) قسمیں انکی قسموں کے بعد
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ	اور تم اللہ سے ڈرو اور سنو! اور اللہ تعالیٰ
ع 14 8 4 لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿108﴾ ع	(زبردستی) ہدایت نہیں دیتا نافرمان قوم کو۔ ﴿108﴾ ع
يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ	جس دن اکٹھا کرے گا اللہ سب رسولوں کو
فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ	پھر پوچھے گا (ان سے) کیا جواب دیا گیا تمہیں؟
قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ	وہ کہیں گے نہیں ہے کچھ علم ہمیں، بیشک تو (ہی)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيُقْسِمٰنِ : قسم کا کفارہ، اللہ کی قسم۔	يَخَافُوْٓا : خوف، خائف۔
لَشَهَادَتُنَآ : شاہد، شہید، شہادت۔	تُرَدَّ : مرتد، ارتداد، مرتد، تردید۔
اَحَقُّ : حق، مستحق، استحقاق، حقدار۔	اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔
اعْتَدَيْنَآ : ظلم وتعدی، متعدی، عدوان۔	اسْمَعُوْا : سمع وبصر، قوت سماعت، آلۂ سماعت۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	يَهْدِى : ہادی، ہدایت، ہادیٔ کائنات۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم۔	الْفٰسِقِيْنَ : فاسق وفاجر، فسق وفجور۔
وَجْهِهَآ : علی وجہ البصیرت، وجاہت، توجہ۔	يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔

فَيُقْسِمٰنِ	بِاللّٰهِ	لَشَهَادَتُنَآ	اَحَقُّ ❶	مِنْ شَهَادَتِهِمَا
تو وہ دونوں قسمیں کھائیں	اللہ کی (کہ)	یقیناً ہماری گواہی	زیادہ سچی ہے	ان دونوں کی گواہی سے

وَ مَا	اعْتَدَيْنَآ ز	اِنَّآ ❷	اِذًا	لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ (107)	ذٰلِكَ ❸
اور نہیں	ہم نے کوئی زیادتی کی	بیشک ہم	تب	ضرور ظالموں میں سے ہونگے	یہ

اَدْنٰۤى ❶	اَنْ	يَّاْتُوْا	بِالشَّهَادَةِ	عَلٰى وَجْهِهَآ	اَوْ
زیادہ قریب ہے	کہ	وہ سب لائیں	گواہی کو	اسکے (صحیح) رخ پر	یا

يَخَافُوْٓا	اَنْ	تُرَدَّ ❹	اَيْمَانٌ	بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ط	وَ اتَّقُوا
وہ سب ڈریں	کہ	ردّ کردی جائیں گی	(ہماری) قسمیں	انکی قسموں کے بعد	اور تم سب ڈرو

ع 14 8 4

اللّٰهَ	وَ اسْمَعُوْا ط	وَ اللّٰهُ	لَا يَهْدِى ❺	الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ❻ ع (108)
اللہ سے	اور تم سب سنو!	اور اللہ تعالیٰ	نہیں (زبردستی) ہدایت دیتا	نافرمان قوم کو

يَوْمَ	يَجْمَعُ ❺	اللّٰهُ	الرُّسُلَ	فَيَقُوْلُ	مَاذَآ
جس دن	اکٹھا کرے گا	اللہ	سب رسولوں کو	پھر وہ کہے گا (ان سے)	کیا

اُجِبْتُمْ ط	قَالُوْا	لَا عِلْمَ	لَنَا ط ❼	اِنَّكَ اَنْتَ ❽
تمہیں جواب دیا گیا	وہ سب کہیں گے	نہیں ہے کچھ علم	ہمیں	بیشک تو (ہی)

ضروری وضاحت

❶ یہاں "ا" صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ ❷ اِنَّآ اصل میں اِنَّنَا تھا تخفیف کے لیے ایک نون گرا دیا گیا ہے۔ ❸ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے ضرورتاً ترجمہ یہ کیا گیا ہے۔ ❹ علامت تُ واحد مؤنث کے لیے ہے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ كَ اور اَنْتَ دونوں کا ترجمہ "تو" ہے، اَنْتَ تاکید کے لیے آیا ہے۔

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿109﴾	خوب جاننے والا ہے غیب کی باتوں کا۔ ﴿109﴾
اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	جب اللہ فرمائے گا اے عیسیٰ بن مریم!
اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ	یاد کرو میری نعمت کو (جو) تجھ پر (کی)
وَ عَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ	اور تیری والدہ پر (کی) جب میں نے مدد کی تمہاری
بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۙ تُكَلِّمُ	روح القدس (جبریل) کے ذریعے، تم کلام کرتے تھے
النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَ كَهْلًا ۚ	لوگوں سے گود میں اور ادھیڑ عمر (میں یکساں)
وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ	اور جب میں نے سکھائی تمہیں کتاب
وَ الْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ	اور حکمت اور تورات اور انجیل
وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ	اور جب تو بناتا تھا مٹی سے
كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ	پرندے جیسی صورت میرے حکم سے،
فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ	پھر تو پھونک مارتا تھا اس میں تو وہ ہو جاتا
طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَ تُبْرِئُ	پرندہ (سچ مچ) میرے حکم سے اور تو درست کر دیتا تھا

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَّامُ، عَلَّمْتُكَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	بِرُوْحِ	روح القدس، روحانی مجلس۔
الْغُيُوْبِ	غیب کی خبریں، غیبی باتیں، غیبی امداد۔	الْقُدُسِ	روح القدس، مقدس رشتہ۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	تُكَلِّمُ	کلام، متکلم، تکیہ کلام، منظوم کلام۔
اذْكُرْ	ذکر، اذکار، مذکور۔	النَّاسَ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
نِعْمَتِيْ	نعمتِ الٰہی، نعمتِ حقیقی، انعام یافتہ۔	تَخْلُقُ	خلق، خالق، مخلوق۔
عَلٰى	علی العموم، علی الاعلان، علیحدہ۔	كَهَيْـَٔةِ	کالعدم، کما حقہ / ہیئت، ماہیت۔
اَيَّدْتُّكَ	تائید، مؤید۔	الطَّيْرِ	طیارہ، طائر لاہوتی۔

عَلَّامُ ❶	الْغُيُوْبِ (109)	اِذْ	قَالَ اللّٰهُ ❷	يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
خوب جاننے والا ہے	غیب کی باتوں کا	جب	فرمائے گا اللہ	اے عیسٰی بن مریم!

اذْكُرْ	نِعْمَتِيْ	عَلَيْكَ	وَ	عَلٰى وَالِدَتِكَ
تو یاد کر	میری نعمت کو	(جو) تجھ پر	اور	تیری والدہ پر (کی)

اِذْ	اَيَّدْتُّكَ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ	تُكَلِّمُ	النَّاسَ
جب	میں نے مدد کی تمہاری	روح القدس کے ذریعے	تو کلام کرتا تھا	لوگوں (سے)

فِي الْمَهْدِ	وَ	كَهْلًا	وَ اِذْ	عَلَّمْتُكَ	الْكِتٰبَ
گود میں	اور	ادھیڑ عمر (میں)	اور جب	میں نے سکھائی تمہیں	کتاب

وَ الْحِكْمَةَ ❸	وَ التَّوْرٰىةَ ❸	وَالْاِنْجِيْلَ	وَ اِذْ	تَخْلُقُ
اور حکمت	اور تورات	اور انجیل	اور جب	تو بناتا تھا

مِنَ الطِّيْنِ	كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ ❸	بِاِذْنِيْ ❺	فَتَنْفُخُ
مٹی سے	پرندے جیسی صورت	میرے حکم سے	پھر تو پھونک مارتا تھا

فِيْهَا	فَتَكُوْنُ ❹	طَيْرًا	بِاِذْنِيْ ❺	وَ	تُبْرِئُ
اس میں	تو وہ ہوجاتا	پرندہ (سچ مچ)	میرے حکم سے	اور	تو درست کردیتا تھا

ضروری وضاحت

❶ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے مثلاً سَتَّارٌ بہت پردہ پوشی کرنیوالا۔ غَفَّارٌ بہت بخشنے والا۔
❷ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❸ علامت ةَ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❹ علامت تَ یہاں واحد مؤنث کے لیے ہے۔ ❺ علامت ی اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

وقف لازم

اَلْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ج	مادرزاد اندھے، اور کوڑھی کو میرے حکم سے
وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى	اور جب تو نکال کھڑا کرتا تھا مُردوں کو (زندہ کر کے قبر سے)
بِاِذْنِيْ ج وَ اِذْ كَفَفْتُ	میرے حکم سے اور جب میں نے روک دیا
بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ	بنی اسرائیل (کے ہاتھوں) کو تم سے
اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ	جب تو آیا ان کے پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ
فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ	تو کہا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا ان میں سے
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿110﴾	نہیں ہے یہ مگر واضح جادو۔ ﴿110﴾
وَ اِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ	اور (یاد کرو) جب میں نے حکم بھیجا حواریوں کی طرف
اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَ بِرَسُوْلِيْ ج	کہ ایمان لاؤ مجھ پر اور میرے رسول پر
قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَ اشْهَدْ	انہوں نے کہا ہم ایمان لائے اور آپ گواہ رہیں
بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿111﴾	کہ بیشک ہم فرمانبردار ہیں۔ ﴿111﴾
اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	(اور یاد کرو) جب کہا حواریوں نے اے عیسٰی بن مریم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاَبْرَصَ : برص (کوڑھ) کی بیماری۔
بِاِذْنِيْ : اذن الٰہی، اذن عام۔
تُخْرِجُ : خارج، خروج، اخراج۔
الْمَوْتٰى : موت، اموات، میت۔
بِالْبَيِّنٰتِ، مُّبِيْنٌ : بیان، مبینہ طور پر، بین دلیل۔
فَقَالَ، قَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔
كَفَرُوْا : کفر، کفار، کافر۔

سِحْرٌ : سحر، مسحور کن آواز، ساحرانہ انداز۔
اَوْحَيْتُ : وحی کا نزول، قرآن کی وحی۔
اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
اٰمِنُوْا، اٰمَنَّا : امن، ایمان، مؤمن۔
بِرَسُوْلِيْ : رسول مکرم، رسالت، مرسل۔
اشْهَدْ : شاہد، شہید، شہادت۔
مُسْلِمُوْنَ : اسلام، مسلم، مسلمان۔

الْاَكْمَهَ	وَ	الْاَبْرَصَ	بِاِذْنِيْ ج	وَ اِذْ	تُخْرِجُ
مادر زاد اندھے کو	اور	کوڑھی کو	میرے حکم سے	اور جب	تو نکال کھڑا کرتا تھا

الْمَوْتٰى ❶	بِاِذْنِيْ ج	وَ اِذْ	كَفَفْتُ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	عَنْكَ
مُردوں کو	میرے حکم سے	اور جب	میں نے روک دیا	بنی اسرائیل کو	تم سے

اِذْ	جِئْتَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ❷	فَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
جب	تو آیا انکے پاس	کھلی نشانیوں کیساتھ	تو کہا	ان لوگوں نے جن	سب نے کفر کیا

مِنْهُمْ	اِنْ ❸	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ (110)	وَ اِذْ
ان میں سے	نہیں ہے	یہ	مگر	جادو	واضح	اور جب

اَوْحَيْتُ	اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ	اَنْ	اٰمِنُوْا ❹	بِيْ	وَ
میں نے حکم بھیجا	حواریوں کی طرف	کہ	سب ایمان لاؤ	مجھ پر	اور

بِرَسُوْلِيْ ج	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا ❺	وَ اشْهَدْ	بِاَنَّنَا ❻
میرے رسول پر	ان سب نے کہا	ہم ایمان لائے	اور تم گواہ رہو	کہ بیشک ہم

مُسْلِمُوْنَ (111)	اِذْ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
سب فرمانبردار ہیں	جب	کہا	حواریوں نے	اے عیسٰی بن مریم

ضروری وضاحت

❶ اَلْمَوْتٰى یہ مَيِّتٌ کی جمع ہے۔❷ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہوتی ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔
❸ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔❹ اٰمِنُوْا کا ترجمہ وہ سب ایمان لائے اور
اٰمِنُوْا کا ترجمہ تم سب ایمان لاؤ ہوتا ہے۔❺ اٰمَنَّا اصل میں اٰمَنْنَا تھا ایک جنس کے دو حروف جب بھی اکٹھے آجائیں انہیں
ایک کر کے شد لگا دی جاتی ہے۔❻ یہاں علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ	کیا ایسا کرسکتا ہے تیرا رب کہ اتارے
عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ	ہم پر (کھانے کا) ایک دستر خوان آسمان سے
قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (112)	اس نے کہا اللہ سے ڈرو اگر ہو تم ایمان لانیوالے۔ (112)
قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا	انہوں نے کہا ہم چاہتے ہیں کہ ہم کھائیں اس سے
وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿37﴾	اور لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿37﴾
وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ	اور نہیں ہے کوئی چلنے والا (جانور) زمین میں
وَ لَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ	اور نہ کوئی پرندہ (جو) اڑتا ہو اپنے پروں سے

النصف — وقف غفران — وقف منزل عند البعض علی یسمعون

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

شَآءَ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	يُرْجَعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
لَجَمَعَهُمْ : جمع، جامع، جماعت، مجموعہ۔	قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الْجٰهِلِيْنَ : جاہل، جہالت، مجہول۔	نُزِّلَ : نازل، شان نزول، منزل من اللہ۔
يَسْتَجِيْبُ : جواب، مستجاب الدعا۔	يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
يَسْمَعُوْنَ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔	فِي : فی الفور، فی الواقع، فی الحقیقت۔
الْمَوْتٰى : میت، اموات، سماع موتی۔	الْاَرْضِ : ارض وسماء، اراضی، ارض مقدس۔
يَبْعَثُهُمْ : باعث، مبعوث، بعثت نبوی۔	طَآئِرٍ، يَّطِيْرُ : طائر لاہوتی، طیارہ۔

فَتَاْتِيَهُمْ	بِاٰيَةٍ ط ❶❷	وَ لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَمَعَهُمْ ❸	عَلَى الْهُدٰى
پھر آپ لے آئیں انکے پاس	کسی نشانی کو	اور اگر	اللہ چاہتا	ضرور اکٹھا کر دیتا انکو	ہدایت پر

فَلَا تَكُوْنَنَّ ❸	مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿35﴾	اِنَّمَا ❹	يَسْتَجِيْبُ ❺	الَّذِيْنَ
پس نہ آپ ہرگز بنیں	جاہلوں میں سے	درحقیقت صرف	قبول کرتے ہیں	وہی لوگ جو

النصف

يَسْمَعُوْنَ ❺ ط	وَ الْمَوْتٰى	يَبْعَثُهُمُ ❺	اللّٰهُ	ثُمَّ	اِلَيْهِ
سب سنتے ہیں	اور مُردے (کافر)	اٹھائے گا ان کو	اللہ	پھر	اسی کی طرف

وقف غفران

يُرْجَعُوْنَ ❻ ﴿36﴾ صلے	وَ قَالُوْا	لَوْ لَا	نُزِّلَ ❼	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ ❶❷
وہ سب لوٹائے جائیں گے	اور ان سب نے کہا	کیوں نہیں	اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی

وقف منزل عند البعض علی یسمعون

مِّنْ رَّبِّهٖ ط	قُلْ	اِنَّ اللّٰهَ	قَادِرٌ	عَلٰٓى اَنْ	يُّنَزِّلَ	اٰيَةً ❶❷
اسکے رب کی طرف سے	آپ کہو	بیشک اللہ	قادر ہے	اس پر کہ	وہ اتارے	کوئی نشانی

وَّ لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿37﴾	وَ مَا	مِنْ دَآبَّةٍ ❶❷
اور لیکن	ان میں سے اکثر	نہیں وہ سب جانتے	اور نہیں ہے	کوئی چلنے والا

فِي الْاَرْضِ	وَ لَا	طٰٓئِرٍ ❷	يَّطِيْرُ	بِجَنَاحَيْهِ
زمین میں	اور نہ	کوئی پرندہ	(کہ) وہ اڑتا ہو	اپنے پروں سے

ضروری وضاحت

❶ ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت (تنوین) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے جس کا ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔ ❸ لَ لفظ کے شروع میں اور نَّ لفظ کے آخر میں ہو تو دونوں میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ اِنَّ کے ساتھ اگر مَا آجائے تو اس میں صرف یوں ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا	مگر وہ گروہ ہیں تمہاری طرح، نہیں کوتاہی کی ہم نے
فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ	کتاب (لوح محفوظ) میں کسی چیز کی، پھر
اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿38﴾	اپنے رب کی طرف وہ سب اکٹھے کیے جائینگے۔ ﴿38﴾
وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا	اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو
صُمٌّ وَّ بُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ	(وہ) بہرے اور گونگے ہیں (اور) اندھیروں میں ہیں
مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَ مَنْ يَّشَاْ	جسے چاہے اللہ گمراہ کر دیتا ہے اُسے اور جسے چاہتا ہے
يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿39﴾	کر دیتا ہے اُسے سیدھے راستے پر۔ ﴿39﴾
قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ	کہو کیا تم نے دیکھا (غور کیا) اپنے آپ پر (کہ)
اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ	اگر آ جائے تم پر اللہ کا عذاب یا آ جائے تم پر
السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ج	قیامت (تو) کیا اللہ کے علاوہ (کسی اور کو) تم پکارو گے
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿40﴾	(بتاؤ) اگر ہو تم سچے۔ ﴿40﴾
بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ	بلکہ صرف اسے ہی تم پکارو گے تو وہ دور کر دیگا (اس تکلیف کو)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِلَّآ	الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔	الظُّلُمٰتِ	ظلمت، مظالم۔
اُمَمٌ	امت مسلمہ، امتیں، امم سابقہ۔	يَّشَاِ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔
اَمْثَالُكُمْ	مثال، مثل، تمثیل، امثلہ۔	يُضْلِلْهُ	ضلالت (گمراہی)۔
فَرَّطْنَا	افراط وتفریط (کمی وبیشی)۔	مُّسْتَقِيْمٍ	صراط مستقیم، استقامت، خط مستقیم۔
اِلٰى	مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔	قُلْ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يُحْشَرُوْنَ	حشر، میدان محشر۔	رَءَيْتَكُمْ	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔
كَذَّبُوْا	کاذب، تکذیب، کذاب۔	تَدْعُوْنَ	دعا، دعوت، داعی، مدعو۔

اِلَّآ اُمَمٌ	اَمْثَالُكُمْ ؕ	مَا فَرَّطْنَا	فِي الْكِتٰبِ
مگر (وہ) گروہ ہیں	تمہاری طرح	نہیں کوتاہی کی ہم نے	کتاب (لوح محفوظ) میں

مِنْ شَیْءٍ ❶	ثُمَّ	اِلٰی رَبِّهِمْ	يُحْشَرُوْنَ ❷ (38)
کسی چیز سے	پھر	اپنے رب کی طرف	وہ سب اکٹھے کیے جائینگے

وَ الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	صُمٌّ	وَّ بُكْمٌ	فِي الظُّلُمٰتِ ؕ
اور وہ لوگ جن	سب نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	(وہ) بہرے	اور گونگے ہیں	اندھیروں میں ہیں

مَنْ	يَّشَاِ اللّٰهُ ❸	يُضْلِلْهُ ؕ	وَ مَنْ	يَّشَاْ	يَجْعَلْهُ
جسے	اللہ چاہے	وہ گمراہ کردیتا ہے اسے	اور جسے	وہ چاہتا ہے	وہ کردیتا ہے اسے

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (39)	قُلْ	اَ	رَءَيْتَكُمْ ❹	اِنْ	اَتٰكُمْ
سیدھے راستے پر	آپ کہو	کیا	تم نے دیکھا اپنے آپ کو	اگر	آجائے تم پر

عَذَابُ اللّٰهِ	اَوْ اَتَتْكُمُ ❺	السَّاعَةُ ❻	اَ	غَيْرَ اللّٰهِ	تَدْعُوْنَ ۚ
اللہ کا عذاب	یا آجائے تم پر	قیامت	(تو) کیا	اللہ کے علاوہ	تم سب پکارو گے

اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ (40)	بَلْ اِيَّاهُ	تَدْعُوْنَ	فَيَكْشِفُ
اگر ہو تم	سب سچے	بلکہ صرف اسے ہی	تم سب پکارو گے	تو وہ دور کردے گا

ضروری وضاحت

❶ ڈبل حرکت (تنوین) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے جس کا ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔ ❷ یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ یَـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ اس کا مفہوم یہ ہے کہ کیا تم نے اس بارے میں کبھی غور کیا ہے۔ ❺ تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے عموماً اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔
❻ ۃ اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ کرنا عموماً ممکن نہیں ہوتا۔

مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ	جو (کہ) تم پکارتے ہو اسکی طرف اگر وہ چاہے
وَ تَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿41﴾ ع	اور تم بھول جاؤ گے جن کو تم شریک بناتے ہو۔ ﴿41﴾ ع
وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ	اور البتہ تحقیق ہم نے بھیجے (رسول) امتوں کی طرف
مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ	آپ سے پہلے تو ہم نے پکڑا انہیں تنگدستی سے
وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿42﴾	اور بیماری سے تا کہ وہ عاجزی کریں۔ ﴿42﴾
فَلَوْ لَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا	تو کیوں نہ جب آیا ان پر ہمارا عذاب انہوں نے عاجزی کی
وَ لٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ زَيَّنَ	اور لیکن سخت ہو گئے ان کے دل اور آراستہ کر دیا
لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾	ان کیلئے شیطان نے (اسے) جو تھے وہ عمل کرتے۔ ﴿43﴾
فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ	پس جب بھول گئے جو (کہ) نصیحت کیے گئے اسکی
فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ	(تو) کھول دیے ہم نے ان پر دروازے ہر چیز کے
حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ	یہاں تک کہ جب وہ اترائے اس پر جو
اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً	وہ دیے گئے (تو) ہم نے پکڑا انہیں اچانک

ع 4/11/10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	قُلُوْبُهُمْ : قلب وجگر، قلبی تعلق، امراضِ قلب۔
تَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، داعی، مدعو۔	زَيَّنَ : زینت، مزین، تزئین۔
تَنْسَوْنَ، نَسُوْا : نسیان، نسیاً منسیاً (بھولنا۔)	يَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
تُشْرِكُوْنَ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	ذُكِّرُوْا : ذکر، اذکار، تذکیر، تذکرہ، مذکورہ۔
اَرْسَلْنَآ : رسول، مرسل، ختم الرسل، رسالت۔	فَتَحْنَا : فتح، فاتح، مفتوح۔
فَاَخَذْنٰهُمْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	حَتّٰى : حتی الامکان، حتی الوسعت، حتیٰ کہ
الضَّرَّآءِ : ضرررساں، مضرصحت۔	فَرِحُوْا : فرحت بخش (خوشی)۔

مَا تَدْعُوْنَ	اِلَيْهِ	اِنْ شَآءَ	وَ تَنْسَوْنَ	مَا
جو (کہ) تم سب پکاروگے	اس کی طرف	اگر وہ چاہے	اور تم سب بھول جاؤگے	جن کو

ع 4/11/10

تُشْرِكُوْنَ ﴿41﴾ ع	وَ لَقَدْ	اَرْسَلْنَآ	اِلٰٓى اُمَمٍ	مِّنْ قَبْلِكَ
تم سب شریک بناتے تھے	اور البتہ تحقیق	ہم نے رسول بھیجے	امتوں کی طرف	آپ سے پہلے

فَاَخَذْنٰهُمْ ❶	بِالْبَاْسَآءِ	وَ الضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ ❷ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿42﴾	فَلَوْلَآ	اِذْ
تو ہم نے پکڑا انہیں	تنگدستی سے	اور بیماری (سے)	تاکہ وہ سب عاجزی کریں	تو کیوں نہ	جب

جَآءَهُمْ	بَاْسُنَا ❸	تَضَرَّعُوْا ❹	وَلٰكِنْ	قَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَ زَيَّنَ
آیا ان پر	ہمارا عذاب	ان سب نے عاجزی کی	اور لیکن	سخت ہوگئے	انکے دل	اور آراستہ کردیا

لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ❻ ﴿43﴾	فَلَمَّا	نَسُوْا	مَا ذُكِّرُوْا
ان کیلئے	شیطان نے جو	تھے وہ سب عمل کرتے	پس جب	سب بھول گئے	جو وہ سب نصیحت کیے گئے

بِهٖ	فَتَحْنَا ❶	عَلَيْهِمْ	اَبْوَابَ	كُلِّ شَيْءٍ ط	حَتّٰٓى	اِذَا
اس کی	کھول دیے ہم نے	ان پر	دروازے	ہر چیز کے	یہاں تک کہ	جب

فَرِحُوْا	بِمَآ	اُوْتُوْٓا	اَخَذْنٰهُمْ ❶	بَغْتَةً
وہ سب اترائے	(اس) پر جو	وہ سب دیے گئے	ہم نے پکڑا انہیں	اچانک

ضروری وضاحت

❶ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ❷ هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❸ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔ ❹ اگر شروع میں تَ اور درمیان میں شد ہو تو اس فعل میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے عموماً اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❻ علامت وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا جاتا ہے۔

فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿44﴾	تو اس وقت وہ نا اُمید ہو کر رہ گئے۔ ﴿44﴾
فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ	تو کاٹ دی گئی جڑ اس قوم کی جنھوں نے ظلم کیا
وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿45﴾	اور سب تعریف اللہ کیلئے ہے (جو) تمام جہانوں کا رب ہے ﴿45﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ	کہو کیا تم نے دیکھا (غور کیا کہ) اگر چھین لے اللہ تمہاری سماعت
وَ اَبْصَارَكُمْ وَ خَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ	اور تمہاری بصارت کو اور مہر لگا دے تمہارے دلوں پر
مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ	(تو) کونسا معبود ہے اللہ کے سوا (جو) لا دے تمہیں اس کو
اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ	دیکھو کس طرح ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں آیات
ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿46﴾	پھر (بھی) وہ روگردانی کرتے ہیں۔ ﴿46﴾
قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ	کہو کیا تم نے دیکھا (غور کیا) اپنے آپ پر (کہ)
اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً	اگر آ جائے تم پر اللہ کا عذاب اچانک (بے خبری میں)
اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ	یا علانیہ طور پر (تو) نہیں ہلاک کیا جائے گا
اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿47﴾	مگر ظالم قوم کو۔ ﴿47﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَقُطِعَ : قطع تعلقی، قطع کلامی، قطع رحمی۔	اَبْصَارَكُمْ : بصارت، بصیرت۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	خَتَمَ : ختم الرسل، خاتم النبیین (نبیوں کی مہر)
الْحَمْدُ : حمد وثناء، حمد باری تعالیٰ، حامد، محمود۔	قُلُوْبِكُمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلب وجگر۔
الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔	اُنْظُرْ : نظر، منظر، نظارہ، منظور نظر۔
رَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	نُصَرِّفُ : صرف نظر (پھیرنا)۔
اَخَذَ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	جَهْرَةً : جہری نمازیں، آمین بالجہر۔
سَمْعَكُمْ : سمع وبصر، آلۂ سماعت، سمعی بصری معاونات۔	يُهْلَكُ : ہلاک، ہلاکت، مہلک امراض۔

فَاِذَا هُمْ	مُّبْلِسُوْنَ ﴿44﴾	فَقُطِعَ ❶	دَابِرُ الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ط
تو اس وقت وہ	نااُمید ہونے والے تھے	تو کاٹ دی گئی	جڑ اس قوم کی	جن سب نے ظلم کیا

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿45﴾	قُلْ	اَ	رَءَيْتُمْ	اِنْ
اور سب تعریف اللہ کیلئے ہے	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے	آپ کہیں	کیا	تم نے دیکھا	اگر

اَخَذَ ❷	اللّٰهُ	سَمْعَكُمْ	وَ اَبْصَارَكُمْ	وَ خَتَمَ	عَلٰى قُلُوْبِكُمْ
لے جائے	اللہ	تمہاری سماعت	اور تمہاری بصارت کو	اور مہر لگا دے	تمہارے دلوں پر

مَّنْ اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِهٖ ط	اُنْظُرْ ❸	كَيْفَ
(تو) کونسا معبود ہے	اللہ کے سوا	(کہ) وہ لا دے تمہیں	اس کو	دیکھو	کس طرح

نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ ❹	ثُمَّ	هُمْ يَصْدِفُوْنَ ❺ ﴿46﴾	قُلْ
ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیات	پھر (بھی)	وہ سب روگردانی کرتے ہیں	کہو

اَ	رَءَيْتَكُمْ	اِنْ	اَتٰىكُمْ	عَذَابُ اللّٰهِ	بَغْتَةً	اَوْ
کیا	تم نے دیکھا اپنے آپکو	اگر	آجائے تم پر	اللہ کا عذاب	اچانک	یا

جَهْرَةً	هَلْ ❻	يُهْلَكُ ❼	اِلَّا	الْقَوْمُ	الظّٰلِمُوْنَ ﴿47﴾
علانیہ طور پر	(تو) نہیں	ہلاک کی جائیگی	مگر	(ایسے لوگوں کی) قوم	(جو) سب ظلم کرنیوالے ہیں

ضروری وضاحت

❶ یہاں فَ الگ ہے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ مراد ہے اگر اللہ تعالیٰ چھین لے۔
❸ اگر فعل کے آخر میں جزم ہو تو عموماً اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ ات جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❺ هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❻ اگر هَلْ کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس هَلْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❼ اگر علامت يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے اور یہاں يُ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ	اور نہیں ہم بھیجتے پیغمبروں کو مگر خوشخبری دینے والے
وَ مُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ	اور ڈرانے والے بنا کر تو جو ایمان لائے
وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	اور اصلاح کرلے تو نہ کوئی خوف ہوگا ان پر
وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿48﴾	اور نہ وہ غم کریں گے۔ ﴿48﴾
وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ	اور وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو پہنچے گا انہیں
الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿49﴾	عذاب اس وجہ سے جو تھے وہ نافرمانی کرتے۔ ﴿49﴾
قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ	کہو نہیں میں کہتا تم سے (کہ) میرے پاس
خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَ لَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ	اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں جانتا ہوں غیب
وَ لَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ	اور نہ میں کہتا ہوں تم سے (کہ) بیشک میں فرشتہ ہوں
اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ ؕ	نہیں میں پیروی کرتا مگر جو وحی کی جاتی ہے میری طرف
قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ	کہہ دو کیا برابر ہوسکتا ہے نابینا اور بینا
اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿50﴾ ع	تو کیا تم غور نہیں کرتے۔ ﴿50﴾ ع

ع 5 9 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُرْسِلُ، الْمُرْسَلِيْنَ : رسول، رسالت، مرسل۔	خَزَآئِنُ : خزانہ، مخزن۔
مُبَشِّرِيْنَ : بشارت، مبشر، عشرہ مبشرہ۔	مَلَكٌ : ملک، ملائکہ۔
يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔	اَتَّبِعُ : اتباع، متبع سنت، اتباعِ رسول۔
كَذَّبُوْا : کاذب، کذّاب، تکذیب۔	يُوْحٰى : پہلی وحی کا نزول، وحیٔ متلو۔
يَمَسُّهُمْ : مس کرنا (چھونا)۔	يَسْتَوِيْ : مساوی، مساوات۔
يَفْسُقُوْنَ : فسق وفجور، فاسق فاجر۔	الْبَصِيْرُ : بصارت، بصیرت، تبصرہ۔
عِنْدِيْ : عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب۔	تَتَفَكَّرُوْنَ : غور وفکر، تفکر، مفکر۔

وَ مَا	نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ ❶❷	وَ مُنْذِرِيْنَ ج ❶❷	فَمَنْ
اور نہیں	ہم بھیجتے	پیغمبروں کو	مگر خوشخبری دینے والے	اور ڈرانے والے (بنا کر)	تو جو

اٰمَنَ	وَ اَصْلَحَ ❸	فَلَا خَوْفٌ ❹	عَلَيْهِمْ	وَ لَا	هُمْ يَحْزَنُوْنَ ❺ (48)
ایمان لائے	اور اصلاح کرلے	تو نہ کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ	وہ سب غم کریں گے

وَ الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَمَسُّهُمُ ❻	الْعَذَابُ	بِمَا
اور وہ لوگ جن	سب نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	پہنچے گا انہیں	عذاب	اس وجہ سے جو

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ❼ (49)	قُلْ	لَّآ	اَقُوْلُ	لَكُمْ	عِنْدِيْ
تھے وہ سب نافرمانی کرتے	آپ کہیں	نہیں	میں کہتا	تم سے (کہ)	میرے پاس

خَزَآئِنُ اللّٰهِ	وَ لَآ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَ لَآ	اَقُوْلُ	لَكُمْ
اللہ کے خزانے ہیں	اور نہ	میں جانتا ہوں	غیب	اور نہ	میں کہتا ہوں	تم سے (کہ)

اِنِّيْ	مَلَكٌ ج	اِنْ	اَتَّبِعُ	اِلَّا	مَا	يُوْحٰى	اِلَيَّ ❽ ط	قُلْ
بیشک میں	فرشتہ ہوں	نہیں	میں پیروی کرتا	مگر	جو	وحی کی جاتی ہے	میری طرف	کہہ دو

ع 5 9 11

هَلْ	يَسْتَوِي	الْاَعْمٰى	وَ الْبَصِيْرُ ط	اَفَلَا	تَتَفَكَّرُوْنَ ع (50)
کیا	برابر ہوسکتا ہے	نابینا	اور بینا	تو کیا نہیں	تم سب غور کرتے

ضروری وضاحت

❶ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں ''کرنے والے'' کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ علامت یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔
❸ شروع میں ''ا'' معنی میں تبدیلی کے لیے آیا ہے۔ ❹ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
❺ هُمْ اور یَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❻ یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب کیا گیا ہے۔ ❽ اِنْ کے بعد
اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❽ اِلَيَّ دراصل اِلٰی + یَ کا مجموعہ ہے اسی یْ کا ترجمہ میری کیا گیا ہے۔

وَ اَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ	اور ڈراؤ اس سے ان لوگوں کو جو ڈرتے ہیں
اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ	کہ وہ اکٹھے کیے جائیں گے اپنے رب کی طرف
لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ	نہیں ہوگا ان کے لیے اُس کے علاوہ کوئی مددگار
وَّ لَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (51)	اور نہ کوئی سفارشی تاکہ وہ ڈر جائیں۔ (51)
وَ لَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ	اور نہ نکالیں ان لوگوں کو جو پکارتے ہیں اپنے رب کو
بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ	صبح اور شام (اور) وہ چاہتے ہیں اسکی خوشنودی،
مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ	نہیں ہے آپ پر انکے (اعمال کے) حساب سے کچھ بھی
وَّ مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ	اور نہیں ہے آپ کے حساب کی (جوابدہی) ان پر کچھ بھی
فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ	پس (اگر) آپ نکال دیں انہیں تو آپ ہو جائینگے
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (52) وَ كَذٰلِكَ فَتَنَّا	ظالموں میں سے۔ (52) اور اسی طرح ہم نے آزمایا
بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ	ان میں سے بعض کو بعض سے تاکہ وہ کہیں کیا یہ ہیں
مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ	(کہ) احسان کیا اللہ نے ان پر ہمارے درمیان میں سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَخَافُوْنَ : خوف، خائف۔	يَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔
يُّحْشَرُوْٓا : حشر، میدان محشر۔	كَذٰلِكَ : کالعدم، کماحقہ۔
اِلٰى : مکتوب الیہ، رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔	فَتَنَّا : فتنہ باز، فتنہ انگیزی۔
يَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، داعی، مدعو۔	الظّٰلِمِيْنَ : ظالم، مظلوم، مظالم۔
الْعَشِيِّ : نماز عشاء، عشائیہ۔	شَيْءٍ : شے، اشیاء۔
يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔	لِّيَقُوْلُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، قائل، اقوال زریں۔
شَفِيْعٌ : شفاعت، شافع محشر۔	بَيْنِنَا : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

وَ اَنْذِرْ	بِهٖ	الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	اَنْ يُّحْشَرُوْٓا	اِلٰى رَبِّهِمْ
اور ڈراؤ	اس سے	ان لوگوں کو جو	وہ سب ڈرتے ہیں	کہ وہ سب اکٹھے کیے جائینگے	اپنے رب کی طرف

لَيْسَ	لَهُمْ	مِّنْ❶ دُوْنِهٖ	وَلِيٌّ❷	وَّ لَا	شَفِيْعٌ❷	لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ❸ (51)
نہیں ہے	ان کے لیے	اُسکے علاوہ	کوئی مددگار	اور نہ	کوئی سفارشی	تا کہ وہ سب ڈر جائیں

وَ لَا	تَطْرُدِ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَدٰوةِ	وَ الْعَشِيِّ
اور نہ	آپ دور کریں	ان لوگوں کو جو	وہ سب پکارتے ہیں	اپنے رب کو	صبح کو	اور شام (کو)

يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ❹ ط	مَا عَلَيْكَ❺	مِنْ حِسَابِهِمْ	مِّنْ شَيْءٍ❶❷
وہ سب چاہتے ہیں	اسکی خوشنودی	نہیں ہے آپ پر	انکے (اعمال کے) حساب سے	کوئی چیز

وَّ مَا	مِنْ حِسَابِكَ	عَلَيْهِمْ❺	مِّنْ شَيْءٍ❶❷	فَتَطْرُدَهُمْ
اور نہ	آپ کے حساب سے	ان پر	کوئی چیز	(کہ) پس آپ دور کر دیں انہیں

فَتَكُوْنَ	مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (52)	وَ كَذٰلِكَ	فَتَنَّا❻	بَعْضَهُمْ
تو آپ ہو جائینگے	ظالموں میں سے	اور اسی طرح	ہم نے آزمایا	ان میں سے بعض کو

بِبَعْضٍ	لِّيَقُوْلُوْٓا	اَهٰٓؤُلَآءِ	مَنَّ اللّٰهُ❼	عَلَيْهِمْ	مِّنْۢ بَيْنِنَا ط
بعض سے	تا کہ وہ سب کہیں	کیا یہی ہیں	احسان کیا اللہ نے	ان پر	ہمارے درمیان میں سے

ضروری وضاحت

❶ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
❸ هُمْ اور يَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❹ وَجْهَهٗ کا اصل ترجمہ اس کا چہرہ ہے مراد اس کی خوشنودی ہے۔ ❺ عَلَيْكَ سے مراد آپ کے ذمے اور عَلَيْهِمْ سے مراد ان کے ذمے ہے۔ ❻ فَتَنَّا اصل میں فَتَنْنَا ہے دو نون کی بجائے ایک نون کو شد دی گئی ہے۔ ❼ فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ (53)	کیا نہیں ہے اللہ خوب جاننے والا شکر کرنیوالوں کو۔ (53)
وَ اِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ	اور جب آئیں آپکے پاس وہ لوگ جو ایمان رکھتے ہیں
بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ	ہماری آیات پر تو کہو سلامتی ہو تم پر
كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ	لازم کرلیا تمہارے رب نے اپنے آپ پر رحمت کو
اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا	یہ یقینی بات ہے (کہ) جو عمل کرے تم میں سے بُرا
بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ	جہالت سے پھر وہ توبہ کرے اس کے بعد
وَ اَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (54)	اور اصلاح کرلے تو بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (54)
وَ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ	اور اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں آیات کو
وَ لِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ (55) ع	اور تاکہ ظاہر ہوجائے مجرموں کا راستہ۔ (55) ع
قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ	کہو بیشک میں منع کیا گیا ہوں کہ میں عبادت کروں
الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ	جن کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا
قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ	کہہ دو نہیں میں پیروی کرونگا تمہاری خواہشات کی

ع 6/5 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاَعْلَمَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	تَابَ	توبہ، تائب۔
بِالشّٰكِرِيْنَ	شکر، شاکر، مشکور، اظہارِ تشکر۔	اَصْلَحَ	صلح، اصلاح، مصلح۔
يُؤْمِنُوْنَ	ایمان، مؤمن، امن۔	نُفَصِّلُ	تفصیل، مفصل، تفصیلات۔
كَتَبَ	کتاب، کتابچہ، مکتوب۔	لِتَسْتَبِيْنَ	بین دلیل، مبینہ طور پر۔
نَفْسِهِ	نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔	سَبِيْلُ	فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
عَمِلَ	عمل، عامل، معمول، تعمیل۔	نُهِيْتُ	نہی عن المنکر، منہیات۔
سُوْٓءًا	سوئے ظن، علمائے سوء۔	اَتَّبِعُ	اتباع، متبع سنت، اتباعِ رسول۔

اَ	لَيْسَ اللّٰهُ	بِاَعْلَمَ ❶❷	بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿53﴾	وَ اِذَا	جَآءَكَ
کیا	نہیں ہے اللہ	خوب جاننے والا	سب شکر کرنیوالوں کو	اور جب	آئیں آپکے پاس

الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	فَقُلْ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	كَتَبَ
وہ لوگ جو	وہ سب ایمان رکھتے ہیں	ہماری آیات پر	تو کہو	سلامتی ہو	تم پر	لازم کرلیا

رَبُّكُمْ	عَلٰى نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ ❸ لا	اَنَّهٗ	مَنْ	عَمِلَ مِنْكُمْ	سُوْٓءًا
تمہارے رب نے	اپنے آپ پر	رحمت کو	یہ یقینی بات ہے	جو	عمل کرے تم میں سے	برا

بِجَهَالَةٍ ❸	ثُمَّ	تَابَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ ❹	وَ اَصْلَحَ ❺	فَاَنَّهٗ	غَفُوْرٌ ❻
جہالت سے	پھر	وہ توبہ کرے	اس کے بعد	اور اصلاح کرلے	تو بیشک وہ	وہ خوب بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ❺ ﴿54﴾	وَكَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	وَ لِتَسْتَبِيْنَ ❼
بہت مہربان ہے	اور اسی طرح	ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں	آیات کو	اور تاکہ واضح ہوجائے

ع 6 5 12

سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿55﴾ ع	قُلْ	اِنِّيْ نُهِيْتُ ❽	اَنْ اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ
مجرموں کا راستہ	کہو	بیشک میں منع کیا گیا ہوں	کہ میں عبادت کروں	(انکی) جنہیں

تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❹ ط	قُلْ	لَّآ اَتَّبِعُ	اَهْوَآءَكُمْ لا
تم سب پکارتے ہو	اللہ کے سوا	کہہ دو	نہیں میں پیروی کرونگا	تمہاری خواہشات کی

ضروری وضاحت

❶ بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ اَعْلَمُ کے شروع میں "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ کرنا عموماً ممکن نہیں ہوتا۔ ❹ اگر مِنْ کے بعد لفظ دُوْنَ ہو تو مِنْ کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❺ شروع میں "ا" فعل کے معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ ❻ ان سانچوں میں ڈھلے ہوئے اسم میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ علامت تَ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ❽ علامت ىْ اور تُ دونوں کا ترجمہ میں ہے۔

قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ مَآ اَنَا	یقیناً میں گمراہ ہو جاؤں گا اس وقت اور نہ میں
مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ (56)	(رہوں گا) ہدایت یافتہ لوگوں میں سے۔ (56)
قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ	کہو بیشک میں روشن دلیل پر ہوں اپنے رب کی طرف سے
وَ كَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا	اور تم نے جھٹلایا ہے اس کو، نہیں ہے میرے پاس جو (کہ)
تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ	جلدی کر رہے ہیں اس کی، نہیں ہے حکم
اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ	مگر اللہ کا وہ بیان کرتا ہے حق (بات)
وَ هُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ (57)	اور وہ بہترین فیصلہ کرنیوالا ہے۔ (57)
قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا	کہہ دیں اگر بیشک میرے پاس (اختیار) ہوتا جو (کہ)
تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ	تم جلدی کر رہے ہو اسکی (تو) یقیناً فیصلہ کر دیا گیا ہوتا
الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ ؕ	معاملے کا میرے درمیان اور تمہارے درمیان
وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ (58)	اور اللہ خوب جاننے والا ہے ظالموں کو۔ (58)
وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ	اور اسی کے پاس چابیاں ہیں غیب کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ضَلَلْتُ : ضلالت (گمراہی)۔

قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

كَذَّبْتُمْ : کاذب، کذاب، تکذیب۔

عِنْدِيْ، عِنْدَهٗ : عنداللہ ماجور ہوں، عندالطلب

تَسْتَعْجِلُوْنَ : عجلت، مہر معجّل۔

يَقُصُّ : قصہ، قصہ گوئی۔

الْفٰصِلِيْنَ : فیصل، فیصلہ۔

الْاَمْرُ : امر، آمر، مامور۔

بَيْنِيْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔

اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔

بِالظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔

مَفَاتِحُ : فاتح، مفتوح، فاتحین، مفتوحہ علاقے۔

الْغَيْبِ : غیب، غائب۔

قَدْ	ضَلَلْتُ	اِذًا	وَّ مَآ	اَنَا	مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ (56)
یقیناً	میں گمراہ ہو جاؤں گا	اس وقت	اور نہ	میں (رہوں گا)	ہدایت پانیوالوں میں سے

قُلْ	اِنِّیْ	عَلٰى بَيِّنَةٍ ❶	مِّنْ رَّبِّیْ	وَ كَذَّبْتُمْ	بِهٖ ط
کہو	بیشک میں	روشن دلیل پر ہوں	اپنے رب کی طرف سے	اور تم نے جھٹلایا ہے	اس کو

مَا عِنْدِیْ	مَا	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِهٖ ❷ ط	اِنِ ❸ الْحُكْمُ
نہیں ہے میرے پاس	جو (کہ)	تم سب جلدی کر رہے ہو	اس کی	نہیں ہے حکم

اِلَّا لِلّٰهِ ط	یَقُصُّ الْحَقَّ	وَ هُوَ	خَيْرُ	الْفٰصِلِيْنَ (57)
مگر اللہ کا	وہ بیان کرتا ہے حق	اور وہ	سب سے بہتر ہے	فیصلہ کرنیوالوں میں

قُلْ	لَّوْ اَنَّ	عِنْدِیْ	مَا	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِهٖ ❷
کہہ دیں	اگر بیشک	میرے پاس (اختیار ہوتا)	جو (کہ)	تم سب جلدی کر رہے ہو	اس کی

لَقُضِیَ ❹❺	الْاَمْرُ	بَيْنِیْ	وَ بَيْنَكُمْ ط	وَ اللّٰهُ
(تو) یقیناً فیصلہ کر دیا گیا ہوتا	معاملے کا	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور اللہ

اَعْلَمُ ❻	بِالظّٰلِمِيْنَ (58)	وَ عِنْدَهٗ	مَفَاتِحُ	الْغَيْبِ
خوب جاننے والا ہے	سب ظالموں کو	اور اُسی کے پاس	چابیاں ہیں	غیب کی

ضروری وضاحت

❶ ۃ اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہوتا۔ ❷ اس سے مراد جس کی تم جلدی مچا رہے ہو۔ ❸ اِنْ کے نون پر جزم ہوتی ہے اگلے لفظ سے ملانے کے لیے زیر آتی ہے اور اگر اِنْ کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ علامت لَ لفظ کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❺ اگر شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ اَعْلَمُ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَ يَعْلَمُ مَا
فِي الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ
مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ
فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَ لَا رَطْبٍ
وَّ لَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿59﴾
وَ هُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ
وَ يَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ
ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى
اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ
ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿60﴾ ع 7/5/13
وَ هُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ
وَ يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ

نہیں جانتا انہیں مگر وہی اور وہ جانتا ہے جو
کچھ خشکی اور سمندر میں ہے اور نہیں گرتا
کوئی پتا مگر وہ جانتا ہے اسے اور نہیں ہے کوئی دانہ
زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر
اور نہ کوئی خشک مگر (وہ) روشن کتاب میں موجود ہے ﴿59﴾
اور وہی ہے جو روح قبض کر لیتا ہے تمہاری رات کو (سوتے ہوئے)
اور وہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو دن کو،
پھر وہ اٹھا دیتا ہے تم کو اس میں تاکہ پوری کر دی جائے
(زندگی کی) معین مدت، پھر اس کی طرف لوٹنا ہے تمہارا،
پھر وہ خبر دے گا تمہیں اس کی جو تھے تم کرتے۔ ﴿60﴾ ع
اور وہی غالب ہے اپنے بندوں پر
اور وہ بھیجتا ہے تم پر نگہداشت رکھنے والے (فرشتے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعْلَمُهَآ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
تَسْقُطُ : ساقط (گرا ہوا) اسقاطِ حمل۔
حَبَّةٍ : حب کبد نوشادری، حبہ حبہ وصول کرنا۔
رَطْبٍ : رطب و یابس، رطوبت۔
يَابِسٍ : یبس، یابس، یبوست۔ (سوکھا پن)
مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
يَتَوَفّٰىكُمْ : فوت، وفات۔

يَبْعَثُكُمْ : بعثت، مبعوث، بعث بعد الموت۔
لِيُقْضٰٓى : قاضی، قضا، قضائے الٰہی۔
اَجَلٌ مُّسَمًّى : اجل، مہر موجل / اسم با مسمی، اجل مسمی۔
مَرْجِعُكُمْ : رجوع، مرجوع، رجعت پسندی۔
فَوْقَ : مافوق الفطرت، فوقیت۔
يُرْسِلُ : رسول، رسالت، مرسل، ترسیل۔
حَفَظَةً : حافظ، محافظ، حفظ و امان۔

لَا يَعْلَمُهَآ ❶	اِلَّا هُوَ ط	وَ يَعْلَمُ	مَا فِي الْبَرِّ	وَ الْبَحْرِ ط
نہیں جانتا انہیں	مگر وہی	اور وہ جانتا ہے	جو کچھ خشکی میں	اور سمندر (میں) ہے

وَ مَا	تَسْقُطُ ❷	مِنْ وَّرَقَةٍ ❸❹	اِلَّا يَعْلَمُهَا	وَ لَا	حَبَّةٍ ❸❹	فِيْ ظُلُمٰتِ ❸
اور نہیں	گرتا	کوئی پتا	مگر وہ جانتا ہے اسے	اور نہیں ہے	کوئی دانہ	اندھیروں میں

الْاَرْضِ	وَ لَا	رَطْبٍ ❹	وَّ لَا	يَابِسٍ ❹	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ (59)
زمین کے	اور نہ	کوئی تر	اور نہ	کوئی خشک	مگر	(وہ) روشن کتاب میں (موجود) ہے

وَ هُوَ	الَّذِيْ	يَتَوَفّٰىكُمْ ❶	بِالَّيْلِ	وَ يَعْلَمُ	مَا	جَرَحْتُمْ
اور وہی ہے	جو	روح قبض کرلیتا ہے تمہاری	رات کو	اور وہ جانتا ہے	جو	تم نے کمایا ہو

بِالنَّهَارِ	ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ	فِيْهِ	لِيُقْضٰٓى ❶	اَجَلٌ مُّسَمًّى ج
دن کو	پھر وہ اٹھا دیتا ہے تمہیں	اس میں	تا کہ پوری کر دی جائے	معین مدت

ع 7/5/13

ثُمَّ	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ❺ (60) ع
پھر	اس کی طرف	تمہارا لوٹنا ہے	پھر وہ خبر دے گا تمہیں	اس کی جو	تھے تم سب کرتے

وَ	هُوَ الْقَاهِرُ ❻	فَوْقَ عِبَادِهٖ	وَ يُرْسِلُ	عَلَيْكُمْ	حَفَظَةً ❼ ط
اور	وہی غالب ہے	اپنے بندوں پر	اور وہ بھیجتا ہے	تم پر	نگہداشت رکھنے والے (فرشتے)

ضروری وضاحت

❶ علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ علامت تَ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ❸ ۃ اور ات اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ ❹ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❺ علامت تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❻ ھُوَ کے بعد اگر اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔ ❼ حَفَظَةٌ کے آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے استعمال ہوا ہے۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ	یہاں تک کہ جب آتی ہے تم میں سے کسی ایک کو موت
تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا	(تو) روح قبض کرتے ہیں اسکی ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)
وَ هُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿61﴾	اس حال میں کہ وہ نہیں کوتاہی کرتے۔ ﴿61﴾
ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ	پھر لائے جائینگے اللہ کی طرف (جو) انکا حقیقی مالک ہے
اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۟ وَ هُوَ	خبردار! اسی کا ہی حکم چلے گا اور وہ
اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿62﴾	بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ ﴿62﴾
قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ	کہہ دیجیے کون ہے (جو) نجات دیتا ہے تمہیں
مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ	خشکی اور سمندر کے اندھیروں سے،
تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ	تم پکارتے ہو اسے عاجزی سے اور چپکے چپکے،
لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ	البتہ اگر اس نے نجات دی ہمیں اس (تنگی) سے
لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿63﴾	(تو) ضرور ہم ہو جائیں گے شکر کرنیوالوں میں سے ﴿63﴾
قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا	کہہ دیجیے! اللہ ہی نجات دیتا ہے تمہیں اس (تنگی) سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- حَتّٰٓى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔
- تَوَفَّتْهُ : فوت، وفات، فوتگی۔
- رُسُلُنَا : رسول، رسالت، مرسل، ترسیل۔
- يُفَرِّطُوْنَ : افراط وتفریط۔
- رُدُّوْٓا : رد کرنا، مردود، تردید، مرتد۔
- مَوْلٰىهُمْ : مولیٰ (دوست)
- الْحُكْمُ : حکم، حاکم، محکوم، تحکم، حاکمیت۔
- اَسْرَعُ : سرعت، سریع الحرکت۔
- الْحٰسِبِيْنَ : حساب وکتاب، محاسب، محتسب۔
- يُّنَجِّيْكُمْ، اَنْجٰىنَا : نجات، فرقہ ناجیہ۔
- الْبَحْرِ : بحر وبر، بحری جہاز، بحر اکاہل۔
- تَدْعُوْنَهٗ : دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
- خُفْيَةً : خفیہ، مخفی۔
- الشّٰكِرِيْنَ : شکر، شاکر، مشکور، اظہار تشکر۔

حَتّٰۤى	اِذَا	جَآءَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	تَوَفَّتْهُ ❶❷
یہاں تک کہ	جب	آتی ہے	تم میں سے کسی ایک کو	موت (تو)	روح قبض کرتے ہیں اسکی

رُسُلُنَا ❸	وَ هُمْ	لَا	يُفَرِّطُوْنَ (61)	ثُمَّ	رُدُّوْۤا
ہمارے رسول (فرشتے)	اس حال میں کہ وہ	نہیں	وہ سب کوتاہی کرتے	پھر	لائے جائینگے

اِلَى اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ	اَلَا ❹	لَهُ الْحُكْمُ ۫	وَ هُوَ
اللہ کی طرف	(جو) انکا حقیقی مالک ہے	خبردار	اسی کا ہی حکم (چلے) گا	اور وہ

اَسْرَعُ ❺	الْحٰسِبِيْنَ (62)	قُلْ	مَنْ	يُّنَجِّيْكُمْ ❻
بہت جلد ہے	حساب لینے والوں میں	کہہ دیجیے	کون ہے (جو)	نجات دیتا ہے تمہیں

مِّنْ ظُلُمٰتِ ❶ الْبَرِّ	وَ الْبَحْرِ	تَدْعُوْنَهٗ	تَضَرُّعًا ❷
خشکی کے اندھیروں سے	اور سمندر (کے)	تم سب پکارتے ہوا سے	عاجزی سے

وَّ خُفْيَةً ❶ ۚ	لَئِنْ	اَنْجٰنَا ❼	مِنْ هٰذِهٖ	لَنَكُوْنَنَّ ❽
اور چپکے چپکے	یقیناً اگر	اس نے نجات دی ہمیں	اس (تنگی) سے	ضرور ہم ہو جائیں گے

مِنَ الشّٰكِرِيْنَ (63)	قُلِ اللّٰهُ	يُنَجِّيْكُمْ ❻	مِّنْهَا
شکرادا کرنیوالوں میں سے	کہہ دیجیے! اللہ ہی	نجات دیتا ہے تمہیں	اس (تنگی) سے

ضروری وضاحت

❶ علامت ة ،ت ،ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ شروع میں تَ اور درمیان میں شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❸ اسم کے ساتھ نَا کا ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے کیا جاتا ہے۔ ❹ اَلَا حرف تنبیہ ہے جس کا ترجمہ کبھی سنو! بھی کر دیا جاتا ہے۔ ❺ علامت "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❻ علامت يَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❼ "ا" میں معنی میں تبدیلی کا مفہوم ہے۔ ❽ لَ اور نَّ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿64﴾	اور ہر غم سے، پھر (بھی) تم شرک کرتے ہو۔ ﴿64﴾
قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ	کہہ دیجیے وہی قادر ہے اس (بات) پر کہ وہ بھیجے
عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ	تم پر عذاب تمہارے اوپر سے
اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ	یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے
اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّ يُذِيْقَ	یا بھڑا (لڑا) دے تمہیں گروہ گروہ کر کے اور مزہ چکھا دے
بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ	تم میں سے بعض کو بعض کی لڑائی کا، دیکھ کیسے
نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾	ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں آیات کو تاکہ وہ سمجھ جائیں ﴿65﴾
وَ كَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَ هُوَ الْحَقُّ ؕ	اور جھٹلایا ہے اس (قرآن) کو تیری قوم نے، حالانکہ وہی حق ہے
قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿66﴾ ؕ	کہہ دو نہیں ہوں میں تم پر کوئی داروغہ۔ ﴿66﴾
لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ز	ہر خبر (کے وقوع) کا ایک وقت مقرر ہے
وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿67﴾	اور عنقریب تم جان لو گے۔ ﴿67﴾
وَ اِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ	اور جب آپ دیکھیں ان لوگوں کو جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَرْبٍ : کرب ناک، کرب و بلا۔	كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف۔
تُشْرِكُوْنَ : شرک، مشرک، شریک، شراکت۔	نُصَرِّفُ : صرف نظر کرنا۔ (نظر پھیرنا)
يَّبْعَثَ : بعثت، مبعوث، بعث بعد الموت۔	كَذَّبَ : کاذب، کذاب، تکذیب۔
فَوْقِكُمْ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔	مُّسْتَقَرٌّ : مقرر، قرار، استقرار۔
شِيَعًا : شیعہ، شیعان علی (گروہ)۔	نَبَاٍ : نبی، انبیاء (نبوت کی خبر دینے والے۔)
يُذِيْقَ : ذائقہ، بدذائقہ۔	تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
اُنْظُرْ : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔	رَاَيْتَ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔

وَ مِنْ كُلِّ كَرْبٍ	ثُمَّ	اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ❶ (64)	قُلْ	هُوَ الْقَادِرُ ❷
اور ہر غم سے	پھر (بھی)	تم سب شرک کرتے ہو	کہہ دیجیے	وہی قادر ہے

عَلٰٓى	اَنْ	يَّبْعَثَ	عَلَيْكُمْ	عَذَابًا	مِّنْ فَوْقِكُمْ ❸
اس (بات) پر	کہ	وہ بھیجے	تم پر	عذاب	تمہارے اوپر سے

اَوْ	مِنْ تَحْتِ	اَرْجُلِكُمْ ❸	اَوْ	يَلْبِسَكُمْ ❸	شِيَعًا	وَّ يُذِيْقَ
یا	نیچے سے	تمہارے پاؤں کے	یا	وہ بھڑا (لڑا) دے تمہیں	گروہ گروہ کر کے	اور وہ مزہ چکھا دے

بَعْضَكُمْ	بَاْسَ بَعْضٍ ؕ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ
تم میں سے بعض کو	بعض کی لڑائی کا	آپ دیکھیں	کیسے	ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں

الْاٰيٰتِ ❹	لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ❺ (65)	وَ كَذَّبَ	بِهٖ	قَوْمُكَ	وَ
آیات کو	تاکہ وہ سب سمجھ جائیں	اور جھٹلایا ہے	اس (قرآن) کو	آپ کی قوم نے	حالانکہ

هُوَ الْحَقُّ ❷ ؕ	قُلْ	لَّسْتُ	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ ❻❼ (66) ؕ	لِكُلِّ نَبَاٍ
وہی حق ہے	کہہ دو	نہیں ہوں میں	تم پر	کوئی داروغہ	ہر خبر (کے وقوع) کے لیے

مُّسْتَقَرٌّ ز	وَّ سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ (67)	وَ اِذَا	رَاَيْتَ	الَّذِيْنَ
ایک وقت مقرر ہے	اور عنقریب	تم سب جان لوگے	اور جب	آپ دیکھیں	ان لوگوں کو جو

ضروری وضاحت

❶ علامت تُمْ اور تَ دونوں کا ترجمہ تم ہے۔ ❷ ھُوَ کے بعد اگر الْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم شامل ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ وہی کیا گیا ہے۔ ❸ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ❹ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ علامت ھُمْ اور یَ دونوں کا ترجمہ وہ ہے۔ ❻ نفی کے بعد علامت بِ ہو تو اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❼ ڈبل حرکت (تنوین) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا	نکتہ چینی کر رہے ہوں ہماری آیات میں
فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا	تو منہ موڑ لو ان سے یہاں تک کہ وہ لگ جائیں
فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَ اِمَّا	کسی اور بات میں اس کے علاوہ، اور اگر
يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ	بھلا دے آپ کو شیطان تو نہ بیٹھیں آپ
بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿68﴾	یاد آنے کے بعد ظالم قوم کے ساتھ۔ ﴿68﴾
وَ مَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ	اور نہیں ہے ان لوگوں پر جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں
مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ	ان کے حساب سے کچھ بھی (ذمہ داری) اور لیکن
ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿69﴾	(انکے ذمے) نصیحت کرنا ہے تا کہ وہ (برائی سے) بچ جائیں۔ ﴿69﴾
وَ ذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا	اور چھوڑ دو ان لوگوں کو جنھوں نے بنا رکھا ہے
دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا	اپنے دین کو کھیل اور تماشا
وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اور دھوکے میں ڈال دیا ہے ان کو دنیوی زندگی نے
وَ ذَكِّرْ بِهٖٓ	اور نصیحت کرتے رہو اس (قرآن) کے ذریعے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَخُوْضُوْنَ : غور و خوض کرنا۔

فِيْٓ : فی الحال، فی الفور، فی الواقع، فی الحقیقت۔

فَاَعْرِضْ : اعراض کرنا (منہ موڑنا)

حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسع۔

يُنْسِيَنَّكَ : نسیان، نسیاً منسیاً۔

تَقْعُدْ : قعدہ، مقعد۔ (بیٹھنا)

الذِّكْرٰى ذَكِّرْ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔

مَعَ : مع اہل و عیال، معیت۔

عَلَى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔

يَتَّقُوْنَ : تقویٰ، متقی۔

اتَّخَذُوْا : اخذ، مأخوذ، مواخذہ۔

لَعِبًا لَهْوًا : لہو و لعب۔ (کھیل تماشا)

غَرَّتْهُمُ : غرور، مغرور۔

الْحَيٰوةُ : حیات، احیائے دین۔

يَخُوْضُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	حَتّٰى
وہ سب نکتہ چینی کر رہے ہوں	ہماری آیات میں	تو منہ موڑ لو	ان سے	یہاں تک کہ

يَخُوْضُوْا	فِيْ حَدِيْثٍ ❶	غَيْرِهٖ	وَ اِمَّا	يُنْسِيَنَّكَ ❷
وہ سب لگ جائیں	کسی (اور) بات میں	اس کے علاوہ	اور اگر	بھلا دے آپ کو

الشَّيْطٰنُ	فَلَا تَقْعُدْ ❸	بَعْدَ الذِّكْرٰى	مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (68)
شیطان	تو مت آپ بیٹھیں	یاد آنے کے بعد	سب ظلم کرنیوالے لوگوں کے ساتھ

وَ مَا	عَلَى الَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	مِنْ حِسَابِهِمْ
اور نہیں ہے	ان لوگوں پر جو	وہ سب پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں	ان کے حساب سے

مِنْ شَيْءٍ ❹	وَّ	لٰكِنْ	ذِكْرٰى	لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ❺ (69)
کچھ بھی (ذمہ داری)	اور	لیکن (انکے ذمہ)	نصیحت کرنا ہے	تاکہ وہ سب (برائی سے) بچ جائیں

وَ	ذَرِ ❻	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ ❼	لَعِبًا	وَّ لَهْوًا
اور	چھوڑ دو	ان لوگوں کو جن	سب نے بنا رکھا ہے	اپنے دین کو	کھیل	اور تماشا

وَّ	غَرَّتْهُمُ ❽	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَ ذَكِّرْ	بِهٖٓ
اور	دھوکے میں ڈال دیا ہے انکو	دنیوی زندگی نے	اور نصیحت کرتے رہو	اس (قرآن کے) ذریعے

ضروری وضاحت

❶ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا کچھ کیا گیا ہے۔ ❷ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں
❸ اگر لَا کے بعد فعل کے آخر میں جزم ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❺ علامت هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔ ❻ اصل میں ذَرْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے
❼ فعل کے بعد اگر اسم کے آخر میں زبر ہو تو وہ فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❽ تْ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

أَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ	کہ (کہیں) ہلاکت میں (نہ) ڈالا جائے کوئی نفس
بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا	اس وجہ سے جو اس نے کمایا، نہیں ہوگا اس کے لیے
مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ ۚ	اللہ کے سوا کوئی دوست اور نہ کوئی سفارشی
وَإِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ	اور اگر بدلے میں دے دے ہر معاوضہ
لَا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ	(تو تب بھی) نہ لیا جائے گا اس سے یہی لوگ ہیں جو
أُبْسِلُوا بِمَا كَسَبُوا ۖ	ہلاکت میں ڈالے گئے اس وجہ سے جو انہوں نے کمایا
لَهُمْ شَرَابٌ مِنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ	ان کے لیے پینے کو پانی ہے کھولتا ہوا اور عذاب ہے
أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿70﴾ ع 8/10/14	دردناک اس وجہ سے جو تھے وہ کفر کرتے۔ ﴿70﴾
قُلْ أَنَدْعُو مِنْ دُونِ اللَّهِ	کہہ دیجیے کیا ہم پکاریں اللہ کے علاوہ کو
مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا	جو نہ نفع دے سکے ہمیں اور نہ نقصان پہنچا سکے ہمیں
وَنُرَدُّ عَلَىٰ أَعْقَابِنَا	اور ہم پھر جائیں اپنی ایڑیوں کے بل
بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللَّهُ	اس کے بعد کہ جب اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- نَفْسٌ : نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفس۔
- كَسَبَتْ، كَسَبُوا : کسبِ حلال، کسبی۔
- وَلِيٌّ : ولی، اولیاء، ولایت، مولانا۔
- شَفِيعٌ : شفاعتِ کبریٰ، شافعِ محشر۔
- تَعْدِلْ، عَدْلٍ : عدل، عادل، عدالت۔
- يُؤْخَذْ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
- شَرَابٌ : اکل وشرب، شربت، مشروبات۔
- أَلِيمٌ : المناک حادثہ، رنج والم۔
- نَدْعُوا : دعا، دعوت، داعی، مدعو۔
- يَنْفَعُنَا : نفع، منفعت، منافع۔
- يَضُرُّنَا : مضرِ صحت، ضرر رساں۔
- نُرَدُّ : ردّ، مردود، تردید (لوٹانا)
- هَدَانَا : ہدایت، ہادیٔ برحق۔

اَنْ تُبْسَلَ ❶❷	نَفْسٌ ❸	بِمَا	كَسَبَتْ ❹ صلے	لَيْسَ لَهَا
کہ ہلاکت میں (نہ) ڈالا جائے	کوئی نفس	اس وجہ سے جو	اس نے کمایا ہو	نہیں ہوگا اس کیلئے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❺	وَلِيٌّ ❸	وَّ لَا	شَفِيْعٌ ❸ ج	وَ اِنْ	تَعْدِلْ
اللہ کے سوا	کوئی دوست	اور نہ	کوئی سفارشی	اور اگر	تو بدلے میں دے

كُلَّ عَدْلٍ	لَّا يُؤْخَذْ ❷	مِنْهَا ط	اُولٰٓئِكَ ❻	الَّذِيْنَ
ہر معاوضہ	(تو) نہ وہ لیا جائے گا	اس سے	یہی لوگ ہیں	جو

اُبْسِلُوْا	بِمَا	كَسَبُوْا ج	لَهُمْ	شَرَابٌ
سب ہلاکت میں ڈالے گئے	اس وجہ سے جو	ان سب نے کمایا	ان کیلئے	پینا ہے

ع 8 10 14

مِّنْ حَمِيْمٍ	وَّ عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ❼ ع (70)
کھولتے ہوئے پانی سے	اور عذاب ہے	دردناک	اس وجہ سے جو	تھے وہ سب کفر کرتے

قُلْ	اَ	نَدْعُوْا ❽	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❺	مَا لَا	يَنْفَعُنَا	وَ لَا
کہہ دیجئے	کیا	ہم پکاریں	اللہ کے علاوہ کو	جو نہ	وہ نفع دے سکے ہمیں	اور نہ

يَضُرُّنَا	وَ نُرَدُّ	عَلٰٓى اَعْقَابِنَا	بَعْدَ اِذْ	هَدٰىنَا اللّٰهُ
وہ نقصان پہنچا سکے ہمیں	اور ہم پھر جائیں	اپنی ایڑیوں پر	اسکے بعد جب	ہمیں ہدایت دے دی اللہ نے

ضروری وضاحت

❶ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے جس کا ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔ ❹ تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ لفظ دُوْنَ سے پہلے مِنْ ہو تو اسکے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❻ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہی لوگ ہیں ہے۔ ❼ وْا اور وْنَ دونوں کا ترجمہ سب ہے۔ ❽ آخر میں وْا جمع کی علامت نہیں بلکہ وْ اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" کتابت میں زائد ہے۔

كَالَّذِی اسْتَهْوَتْهُ الشَّیٰطِیْنُ	اس شخص کی طرح جو (کہ) بہکایا ہوا سے شیطانوں نے
فِی الْاَرْضِ حَیْرَانَ ۪	زمین (جنگل) میں حیران کر کے،
لَهٗۤ اَصْحٰبٌ یَّدْعُوْنَهٗۤ	اس کے ساتھی ہوں وہ بلائیں اسے
اِلَی الْهُدَی ائْتِنَا ؕ قُلْ	ہدایت کی طرف (کہ) آجا ہماری طرف، کہہ دو
اِنَّ هُدَی اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰی ؕ	بیشک اللہ کی ہدایت ہی (اصل) ہدایت ہے۔
وَ اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ	اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم فرمانبردار ہوں
لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ﴿71﴾	تمام جہانوں کے رب کے لیے۔ ﴿71﴾
وَ اَنْ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اتَّقُوْهُ ؕ	اور یہ کہ نماز قائم کرو اور اسی سے ڈرو
وَ هُوَ الَّذِیْۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿72﴾	اور وہی ہے جو (کہ) اس کی طرف تم جمع کیے جاؤ گے۔ ﴿72﴾
وَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	اور وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو
وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَ یَوْمَ	اور زمین کو حق کے ساتھ (تدبیر سے) اور جس دن
یَقُوْلُ كُنْ فَیَكُوْنُ ؕ۬	وہ کہے گا ہو جا (حشر برپا) تو وہ ہو جائے گا

الثلثة

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَالَّذِی : کالعدم، کماحقہ۔	لِنُسْلِمَ : مسلم، اسلام، تسلیم۔
الْاَرْضِ : ارض وسماء، اراضی، ارض پاکستان۔	الْعٰلَمِیْنَ : عالم اسلام، عالم کفر، عالم برزخ۔
حَیْرَانَ : حیران وپریشان، حیرانی۔	اَقِیْمُوا : قیام، قائم، مقیم، اقامت۔
اَصْحٰبٌ : صاحب، اصحاب، صحابی، صحبت۔	الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔
قُلْ، یَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	اتَّقُوْهُ : تقویٰ، متقی۔
الْهُدٰی : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	تُحْشَرُوْنَ : حشر، میدان محشر۔
اُمِرْنَا : امر، آمر، مأمور، امارت۔	السَّمٰوٰتِ : ارض وسماء، کتب سماویہ۔

كَالَّذِي	اسْتَهْوَتْهُ ❶	الشَّيٰطِيْنُ ❷	فِي الْاَرْضِ	حَيْرَانَ ص
اس شخص کی طرح جو (کہ)	بہکایا ہوا سے	شیطانوں نے	زمین (جنگل) میں	حیران کرکے

لَهٗٓ	اَصْحٰبٌ	يَّدْعُوْنَهٗٓ	اِلَى الْهُدَى	ائْتِنَا ط	قُلْ
اس کے	ساتھی ہوں	وہ سب بلائیں اسے	ہدایت کی طرف (کہ)	ہماری طرف آجا	کہہ دو

اِنَّ	هُدَى اللّٰهِ	هُوَ الْهُدٰى ❸ ط	وَ اُمِرْنَا ❹	لِنُسْلِمَ
بیشک	اللہ کی ہدایت	ہی (اصل) ہدایت ہے	اور ہمیں حکم دیا گیا ہے	کہ ہم فرمانبردار ہوں

لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ لا (71)	وَ اَنْ	اَقِيْمُوا ❺	الصَّلٰوةَ ❶
رب کیلئے	تمام جہانوں کے	اور یہ کہ	تم سب قائم کرو	نماز

وَ	اتَّقُوْهُ ❻ ط	وَ هُوَ	الَّذِيْٓ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ ❼ (72)
اور	سب اسی سے ڈرو	اور وہی ہے	جو (کہ)	اس کی طرف	تم سب جمع کیے جاؤ گے

وَ هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ ❶	وَ الْاَرْضَ
اور وہی ہے	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین کو

بِالْحَقِّ ط	وَ يَوْمَ	يَقُوْلُ	كُنْ	فَيَكُوْنُ ط
حق کے ساتھ	اور جس دن	وہ کہے گا	ہوجا (حشر برپا)	تو وہ ہوجائے گا

الثلثة

ضروری وضاحت

❶ تُ، ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں جن کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ ین جمع مذکر کی علامت نہیں بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔ ❸ ھُوَ کے بعد اَلْ ہوتو اس میں ہی کا اضافہ ہوتا ہے۔ ❹ نَا سے پہلے جزم ہوتو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے لیکن یہاں ایک خاص سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم کی وجہ سے مجبوراً ہمیں ترجمہ کیا گیا ہے اگر یہ اَمَرْنَا ہوتا تو ترجمہ ہم نے حکم دیا ہوتا۔ ❺ شروع میں أ اور آخر میں وْا میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ وْا کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ ❼ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔

قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَ لَهُ الْمُلْكُ	اس کی بات برحق ہے اور اسی کی بادشاہت ہوگی
يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ	جس دن پھونکا جائے گا صور میں
عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ؕ	(وہی) جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر (سب چیزوں کا)
وَ هُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿73﴾	اور وہی بڑی حکمت والا خوب خبردار ہے۔ ﴿73﴾
وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ	اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے
اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْۤ اَرٰىكَ	کیا تو بناتا ہے بتوں کو معبود، بیشک میں دیکھتا ہوں تجھے
وَ قَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿74﴾	اور تیری قوم کو صریح گمراہی میں۔ ﴿74﴾
وَ كَذٰلِكَ نُرِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ	اور اسی طرح ہم دکھانے لگے ابراہیم کو
مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ	نظامِ سلطنت آسمانوں اور زمین کا
وَ لِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿75﴾	اور تاکہ وہ ہوجائے یقین کرنیوالوں میں سے۔ ﴿75﴾
فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ	پھر جب چھا گئی اس پر رات اس نے دیکھا ایک ستارہ
قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ	کہا یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غائب ہوگیا

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَوْلُهُ، قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	اٰلِهَةً : الٰہ، الوہیت، عذابِ الٰہی۔
الْمُلْكُ، مَلَكُوْتَ : مالک، ملک، املاک۔	اَرٰىكَ، نُرِيْۤ، رَاٰ : رؤیت ہلال کمیٹی۔
الشَّهَادَةِ : شاہد، شہادت، مشاہدہ۔	ضَلٰلٍ : ضلالت۔ (گمراہی)
الْخَبِيْرُ : خبر، مخبر، خبرنامہ، اخبار۔	مُّبِيْنٍ : بیان، مبینہ طور پر، دلیل بین۔
لِاَبِيْهِ : آباءواجداد، آبائی گاؤں۔	الْمُوْقِنِيْنَ : یقین، عین الیقین، حق الیقین۔
تَتَّخِذُ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	الَّيْلُ : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
اَصْنَامًا : صنم، وصال صنم، صنم کدہ۔	كَوْكَبًا : کوکب، کواکب۔

قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ	وَ لَهُ	الْمُلْكُ	يَوْمَ	يُنْفَخُ ①②	فِي الصُّوْرِ ؕ
اس کی بات برحق ہے	اور اسی کی	بادشاہت ہوگی	جس دن	پھونکا جائے گا	صور میں

عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَ الشَّهَادَةِ ؕ	وَ هُوَ الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ (73)
(وہی) جاننے والا ہے	پوشیدہ	اور ظاہر کا	اور وہی بڑی حکمت والا	خوب خبردار ہے

وَ اِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	لِاَبِيْهِ اٰزَرَ	اَ	تَتَّخِذُ	اَصْنَامًا	اٰلِهَةً ③ ج
اور جب	کہا	ابراہیم نے	اپنے باپ آزر سے	کیا	تو بناتا ہے	بتوں کو	معبود

اِنِّيْٓ اَرٰىكَ ④⑤	وَ قَوْمَكَ ⑤	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (74)	وَ كَذٰلِكَ ⑥
بیشک میں دیکھتا ہوں تجھے	اور تیری قوم کو	صریح گمراہی میں	اور اسی طرح

نُرِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ	مَلَكُوْتَ	السَّمٰوٰتِ	وَ الْاَرْضِ
ہم دکھانے لگے	ابراہیم کو	نظامِ سلطنت	آسمانوں	اور زمین کا

وَ	لِيَكُوْنَ	مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ⑦ (75)	فَلَمَّا	جَنَّ	عَلَيْهِ
اور	تاکہ وہ ہوجائے	یقین کرنیوالوں میں سے	پھر جب	چھا گئی	اس پر

الَّيْلُ	رَاٰ	كَوْكَبًا ج	قَالَ	هٰذَا رَبِّيْ ج	فَلَمَّآ	اَفَلَ ⑧
رات	اس نے دیکھا	ایک ستارہ	کہا	یہ میرا رب ہے	پھر جب	وہ غائب ہوگیا

ضروری وضاحت

① علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② علامت یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ③ ۃ واحد مؤنث نہیں بلکہ یہ اِلٰہ کی جمع ہے۔ ④ یْ اور "ا" دونوں کا ترجمہ میں ہے۔ ⑤ علامت کَ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تجھے اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے کیا جاتا ہے۔ ⑥ کَذٰلِکَ کے آخر میں کَ اصل لفظ کا حصہ ہے الگ نہیں۔ ⑦ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کرنیوالا کیا جاتا ہے۔ ⑧ شروع میں "ا" اصل لفظ کا حصہ ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ (76)	کہا میں نہیں پسند کرتا غائب ہو جانیوالوں کو۔ (76)
فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا	پھر جب اس نے دیکھا چاند کو چمکتا ہوا
قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ	کہا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ چھپ گیا
قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ	کہا، البتہ اگر نہ ہدایت دی مجھے میرے رب نے
لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ (77)	(تو) یقیناً میں ہو جاؤنگا گمراہ ہونیوالی قوم میں سے۔ (77)
فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً	پھر جب اس نے دیکھا سورج کو چمکتا ہوا
قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ	کہا یہ میرا رب ہے یہ (تو) سب سے بڑا ہے
فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ	پھر جب وہ (بھی) ڈوب گیا کہا اے میری قوم!
اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ (78)	بیشک میں بیزار ہوں اس سے جو تم شریک بناتے ہو (78)
اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ	بیشک میں نے رخ کر لیا اپنے چہرے کا
لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ	اس کے لیے جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو
حَنِیْفًا وَّ مَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ (79)	یکسو ہو کر اور نہیں ہوں میں مشرکوں میں سے۔ (79)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، قائل۔	اَكْبَرُ : تکبیر، تکبر، کبیر۔
اُحِبُّ : حب، محبوب، حبیب، محبت۔	بَرِیْٓءٌ : بری، براءت، بری الذمہ۔
